
# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول



رمضان المبارک ۱۴۳۷ھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مصطفٰی** صَلَّی اللہُ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''اے لوگو! بے شک بروزِ قیامت اسکی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نجات پانے والا شخص وہ ہوگا جس نے تم میں سے مجھ پر دنیا کے اندر بکثرت دُرُود شریف پڑھے ہوں گے۔'' (فردوس الاخبار، الحدیث ۸۲۱۰، ج ۲، ص ۴۷۱ مطبوعہ دارالفکر بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صلَّی اللہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 6 جون 2016ء |

☆......تمام عاشقانِ رسول کو ہلالِ رمضان مبارک ہو۔

☆......نفس کو قابو کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نفس جو کہے اس کی مخالفت کی جائے۔

☆......دعوتِ اسلامی کے شروع کے میرے رفیق سید عبدالقادر باپو شریف آج دوپہر کو انتقال فرما گئے۔ ان کی خدمات گن نہیں سکتے، انہوں نے دعوتِ اسلامی کا بہت کام کیا، اللہ عزوجل ان کو غریقِ رحمت کرے۔ تمام دعوتِ اسلامی والے ان کو ایصالِ ثواب کریں۔ ہاتھ جوڑ کر عرض ہے کہ میرے باپو شریف کے لیے ایصالِ ثواب کا ڈھیر لگا دیں۔

☆......روزے میں نرم غذائیں استعمال کی جائیں تو مدینہ مدینہ مثلاً کھچڑی اور دہی وغیرہ۔

☆......گرمی میں چاول مفید ہیں۔

☆......دہی طبیعت کو موافق ہو تو سحری میں آدھا کلو یا ایک پاؤ کھا لیں۔ (جبکہ گنجائش بھی رکھتے ہوں)

☆......تربوز اور چاول ایک ساتھ نہ کھائیں ان کا ملانا طبّاً (Medically) دُرست نہیں۔

www.dawateislami.net

☆......طبی تحقیق ہے کہ کم کھانے والے لمبی عمر پاتے ہیں۔

☆......تصوّف کی کوئی کتاب ایسی نہیں جس میں بھوک کے فضائل نہ ہوں۔

☆......اے کاش! وہ دن بھی آجائے، جب اعتکاف میں فاسٹ فُوڈ (Fast Food) کا داخلہ بند ہو۔

☆......اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی صحت دے جس سے عبادت پر قوت حاصل ہو۔

☆......زیادہ مصالحہ پیٹ میں تباہی مچاتا ہے۔

☆......ڈر ڈر کر کھائیں، صحت مند رہیں گے۔

☆......مومن کا ہر لمحۂ زندگی عبادت بن سکتا ہے۔

☆......ہر نیکی کا صلہ جنّت ہے، اہم ترین اور بنیادی نیکی ایمان لانا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عصر) | 7 جون 2016ء |

☆......وہ دعوتِ اسلامی والے جو مدنی انعامات پر عمل کا ذہن رکھتے ہیں وہ قہقہہ نہیں لگاتے۔ کیونکہ قہقہہ لگانا سنّت نہیں، البتہ قہقہہ لگانا گُناہ بھی نہیں۔

☆......ماہِ رمضان میں مکمل قرآنِ کریم کی تلاوت کیجئے۔ روزانہ تلاوتِ قرآن کے لیے کم از کم ایک گھنٹہ مخصوص کرلیں۔

☆......جو قرآنِ کریم دیکھ کر بھی پڑھنا نہیں جانتا، میرے نزدیک وہ دُنیوی تعلیم کے باوجود پڑھا لکھا نہیں۔

☆......زبان کا قفلِ مدینہ دعوتِ اسلامی کی اصطلاح ضرور ہے مگر خاموش رہنے کی تلقین تو احادیثِ مبارکہ میں بھی موجود ہے۔

☆......تصوّف کی کوئی کتاب خاموشی کے فضائل سے خالی نہیں۔

☆......پریشان نظری (بغیر ضرورت اِدھر اُدھر دیکھتے رہنا) اچھی بات نہیں، بلکہ اچھی اچھی نیّتوں سے، اس سے بچنا کارِ ثواب ہے۔

www.dawateislami.net

☆......اللہ والے کھانے کی طرف رغبت کو ناپسند کرتے تھے۔

☆......نفس کی مرغوب چیز کو ترک کر دینا، نفس کی کاٹ (یعنی نفس کو مطیع کرتا) ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ ( بعدِ تراویح ) | 7 جون 2016ء |

☆......**فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ’’مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دیا کرو۔‘‘ (اِبن ماجہ حدیث ۲۴۴۳) یعنی مزدوری دینے میں ٹال مٹول نہ کرو، جس وَقت دینے کا معاہدہ ہو، اسی وقت دے دو بِلا تاخیر، لہٰذا حدیث پر نہ تو یہ اعتراض ہے کہ اگر مزدور کو پسینہ نہ آیا ہو تو اسے مزدوری دو ہی نہیں، نہ یہ سوال ہے کہ ماہوار تنخواہیں دینا منع ہیں، ہر دن کام کرتے ہی دے دی جائیں، حدیث کی فہم (یعنی سمجھ) کے لیے عقلِ کامل ضروری ہے۔ (مراٰۃ المناجیح ج ۴ ص ۳۳۸)

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 8 جون 2016ء |

☆......معتکف کو مسجد میں مکمل قفلِ مدینہ لگانا چاہیے، ماہِ قفلِ مدینہ کی نیت کرے۔ قہقہہ نہ لگائے، دنیا کی باتیں نہ کرے، باجماعت نمازیں پڑھے، مدنی حلقوں میں شرکت کرے، مدرسۃ المدینہ بالغان پڑھے پڑھائے، اجتماعی اعتکاف کے جدول کی پابندی کرے۔

☆......فی زمانہ آنکھوں کا قفلِ مدینہ لگانا مشکل ہے ناممکن نہیں، بغیر ضرورت گھر سے نہ نکلے، گھر سے باہر نکلنا پڑے تو نگاہیں نیچی رکھے، بے اختیار کسی نامحرمہ پر نظر پڑ جائے تو فوراً نگاہ ہٹالے۔ ایسے مقامات پر کم سے کم جائے، جہاں عورتیں بے پردہ ہوں مثلاً بازار وغیرہ۔

☆......وہ شخص اچھا نہیں جو بازار میں سب سے پہلے جائے اور سب سے آخر میں آئے۔ جب بازار میں جائیں تو وہاں مدنی کام بھی کریں۔

☆......ماں باپ دونوں کے حقوق بہت ہیں، البتہ خدمت کے اعتبار سے ماں کا حق زیادہ اور تعظیم کرنے کے اعتبار سے باپ کا حق زیادہ ہے۔

www.dawateislami.net

☆......جب مزدور اجرت کا حقدار ہو جائے تو بلا عذر اس کی اجرت نہ روکی جائے، فوراً دے دی جائے۔اسے دھکے نہ کھلائے جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 8 جون 2016ء |

☆......اخبارات میں مقدس تحریریں بھی ہوتی ہیں، اس لیے اس سے ہاتھ صاف نہ کئے جائیں۔صاف کاغذ سے بھی ہاتھ نہ پونچھے جائیں، البتہ ٹشو پیپر (Tissue Paper) سے پونچھ سکتے ہیں۔

☆......ایسا اخبار جس میں شریعت کے مطابق درست خبریں ہوں تو پڑھ سکتے ہیں مگر فی زمانہ اخبار میں کئی خبریں شریعت کے مطابق نہیں ہوتیں اور بے پردہ عورتوں کی تصاویر بھی ہوتی ہیں، اس لیے انہیں نہ پڑھا جائے۔

☆...... ماہِ رمضان تو بہت بڑی نعمت ہے۔روزہ دار کا سونا بھی عبادت ہے۔صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تو 6 ماہ پہلے ہی ماہِ رمضان کی تیاری شروع کر دیتے تھے۔

☆......جان بوجھ کر روزے میں مرغوب (پسندیدہ) غذائیں دیکھنا اور لذّت اٹھانا غیر مناسب ہے۔

☆......عبادت پر صبر کرنا تو بہت ثواب کا کام ہے۔

☆......فرض عُلوم نہ سیکھنا گُناہ ہے۔

☆......زمین پر بیٹھنا بھی سنّت ہے۔

☆......اللہ تعالیٰ محسنِ اہلسنّت حضرت سید عبد القادر المعروف باپو شریف کی مغفرت فرمائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 9 جون 2016ء |

☆......عید پر نئے کپڑے پہننا ضروری نہیں، سُنّت کے مطابق سِلے ہوئے پُرانے دُھلے ہوئے کپڑے بھی پہنے جاسکتے ہیں۔مدنی مُنّے اور مدنی مُنّیاں بھی نئے کپڑوں کی (بے جا) ضد نہ کریں۔

☆...... ماہِ رمضان تو نیکیاں کمانے کا سیزن (Season) ہے، اس میں نفل کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ثواب 70 گنا کر دیا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

☆ ...... ماہِ رمضان کے دن مال کمانے کے نہیں نیکیاں کمانے کے ہیں۔ اگر اس میں مال کمانا ہی ہو تو فرائض و واجبات کی ادائیگی، نماز روزے کی پابندی اور لوگوں کی خیر خواہی کو پیشِ نظر ضرور رکھیں۔

☆ ...... ماہِ رمضان کے آنے سے قبل ہی ضروری خریداری کر لی جائے، اس سے عبادت کے لیے زیادہ وقت ملے گا اور چیزیں بھی سستی مل جائیں گی۔

☆ ...... ایک بزرگ کا قول ہے کہ جو چیز مہنگی ہو جائے اسے خریدنا چھوڑ دیں تو وہ سستی ہو جائے گی۔ دکانداروں کو چاہئے کہ اُمت کی خیر خواہی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کم نفع پر اپنا سودا بیچیں۔

☆ ...... سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم بچوں کو سلام میں پہل فرماتے اور انہیں اپنی سواری پر سوار کر لیتے۔

☆ ...... آج کل بچوں سے شفقت بھرا پیار کرنے کا رجحان کم ہے، یہ اچھی بات نہیں۔

☆ ...... سنت اور ثواب سمجھتے ہوئے چھوٹے بچوں کو شفقت بھرا پیار کرنا چاہئے۔

☆ ...... الحمدللہ عزوجل! مجھے فطری طور پر بچوں سے پیار ہے، کبھی کبھی شامِ اَطفال مناتا ہوں، یعنی جاننے والے اسلامی بھائیوں کے بچوں کو جمع کرتا ہوں اور ان کے ساتھ کچھ لمحات گزارتا ہوں۔

☆ ...... معاف کرنا ثواب کا کام ہے، عام معافی کا اعلان کر دیجئے، مجھے بھی معاف کر دیں۔

☆ ...... 80 فیصد امراض ڈٹ کر کھانے سے ہوتے ہیں۔

☆ ...... حقیقت میں نیک وہ ہے جو دربارِ الٰہی میں نیک ہے۔

☆ ...... خالی پیٹ کھجور کھانا مفید ہے۔

☆ ...... حُقوق العباد یعنی بندوں کے حقوق کا معاملہ ٹینشن فل ہے۔

☆ ...... مسلمان کا لمحہ لمحہ قیمتی ہے، اسے ضائع ہونے سے بچایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 9 جون 2016ء |

☆ ...... سگریٹ نوشی بہت نقصان دہ ہے۔ اس سے ٹی بی ہو سکتی ہے، ایسا شخص کھانسنے کی وجہ سے نہ

www.dawateislami.net

خود سو سکتا ہے نہ دوسروں کو سونے دیتا ہے۔

☆……سگریٹ پینے والوں کو بڑھاپے میں بہت پریشانی کا سامنا ہوتا ہے۔سگریٹ کے قریب بھی نہیں جانا چاہئے۔

☆……خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال تیسری شبِ رمضان ہوا اور راتوں رات ان کی تدفین ہوئی، ان کی سوچ یہ تھی کہ کسی غیر محرم کی نظر میرے جنازے پر بھی نہ پڑے۔

☆……3 رمضان مفسرِ شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بھی یومِ عرس ہے۔ یہ بہت بڑے عالمِ دین تھے میں نے اُن کی زیارت کی ہے۔

☆……روزے کا تعلق اذان کے ساتھ نہیں بلکہ صبحِ صادق ہو جائے تو فوراً کھانا پینا ترک کرنا ضروری ہے۔ میرا مشورہ ہے 2،4 منٹ قبل کھانا پینا چھوڑ دیں۔

☆……جو بچہ اتنا سمجھ دار ہو کہ روزے کی نیت کر سکے (اور یہ جانتا ہو کہ روزہ ثواب کا کام ہے) تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے ان شاء اللہ عزوجل اسے ثواب ملے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ رمضان ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 10 جون 2016ء |

☆……یہ تمنّا کرنا دُرست نہیں کہ میرے ماں باپ مجھے سب بہن بھائیوں سے زیادہ پیار کریں، البتہ یہ تمنّا کر سکتے ہیں کہ مجھے بہت پیار کریں اور اس کے لیے ان کا ہر جائز کام فوراً کرے اور ان کی خوب خدمت کرے۔

☆……روزے کی حالت میں گُناہ کرنے سے روزہ مکروہ ہو جاتا ہے اور اِس کی روحانیّت ختم ہو جاتی ہے۔

☆…… ماہِ رمضان میں بالخصوص گرمیوں کے موسم میں جب شام کا وقت آتا ہے، وقت گزارنا مشکل ہو جاتا ہے، اس میں اجتماعی عبادت میں آسانی ہوتی ہے، مدنی مذاکرے میں شرکت کریں، مل کر دعائیں یاد کر لیں، سنّتوں کی تکرار کر لیں، چلتے ہوئے ذکر و دُرود پڑھ لیں۔

☆……کشمیر کو وادیٔ جنّت نظیر کہتے ہیں۔

www.dawateislami.net

☆......سبزہ دیکھنے سے نظر تیز ہوتی ہے۔

☆......جو چیز بھی اپنی حد سے بڑھ جاتی ہے وہ نقصان دہ ہے۔

☆......سبز گنبد دیکھتے رہیں گے تو دل کی آنکھیں یعنی ایمان مضبوط ہوگا۔

☆......اگر آپ نیک بننا چاہتے ہیں تو مدنی انعامات پر عمل کیجئے۔

☆......کھجوریں طبیعت کو موافق ہوں تو توانائی کی بحالی کے لیے زبردست ہیں۔

☆......کچی لسّی گرمیوں میں مفید ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 10 جون 2016ء |

## دل جیتنے کے چند نسخے:

☆...... موقع کے مطابق مسکرائیں، بیمار ہوں تو طبیعت پوچھیں۔ ان کا کوئی عزیز مثلاً والدہ یا بھائی وغیرہ بیمار ہوں تو ان کے بارے میں دریافت کریں، ایک برتن میں کھانا کھا رہے ہوں تو آلو یا بوٹی اُن کے آگے کر دیں، مزید کھانے کا کہیں، البتہ کسی کی پلیٹ میں نہ ڈالیں، ہوسکتا ہے اسے وہ چیز پسند نہ ہو اور اُسے مُروّتاً کھانا پڑے گا۔

☆...... بازار کی چیزیں گھٹیا اور غیر معیاری ہوتی ہیں، اِن کو کھانے سے بیمار ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

☆...... ہاتھوں میں لوگ طرح طرح کے دھاگے باندھ لیتے ہیں، اس طرح شریف لوگ اور علماء نہیں باندھتے، اس لیے میں پسند نہیں کرتا۔

☆......مریض اگر درد والی جگہ دم کیا دھاگا باندھے تو حرج نہیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک یا 3 مرتبہ دُرود شریف، ایک مرتبہ سورۂ قریش اور 3 مرتبہ سورۂ اخلاص اور آخر میں ایک یا 3 مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر کسی غیر شوخ رنگ کے دھاگے پر دم کر کے درد والی جگہ باندھ لیں۔

☆......بِلا ضرورت بازار میں نہیں جانا چاہیے، ضرورتاً جانا پڑے تو نگاہیں نیچی رکھے اور جلد لوٹنے کی کوشش کرے۔

| ۵ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 11 جون 2016ء |
|---|---|---|

☆......فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم :جس کے مال یا جان میں مصیبت آئی پھر اس نے اسے پوشیدہ رکھا اور لوگوں کو اس کی شکایت نہ کی تو اللہ پر حق ہے کہ اس کی مغفرت فرمادے۔(اَلْمُعْجَمُ الاَوْسَط لِلطَّبَرانی ج۱، حدیث ۷۳۷)

☆......زخم، بیماری، گھبراہٹ، نیند اُچٹ جانا، تنگدستی اور ہر طرح کے جانی یا مالی نقصانوں اور پریشانیوں پر صبر کرتے ہوئے بِلا وجہ دوسروں پر ظاہر کرنے سے بچ کر مغفرت کی بشارت کے حقدار بنئے۔

☆...... اللہ تعالٰی کے کسی بھی فرمان پر عمل کیا جائے تو ثواب ملتا ہے، روزہ رکھنے کا تو بہت ثواب ہے۔

☆......قرآن و حدیث سے ثابت ہے کہ فوت ہونے والوں کو ثواب پہنچتا ہے۔

☆......کاش! عافیت کے ساتھ ہمارا ایمان پر خاتمہ ہو۔

| ٦ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ ( بعدِ تراویح) | 11 جون 2016ء |
|---|---|---|

☆...... یہ ایک محاورہ ہے کہ (One Apple a Day Keeps the Doctor Away.) روزانہ ایک سیب کھانے سے آدمی ڈاکٹر سے بچا رہتا ہے۔ بیماریوں سے بچانے والی اللہ تعالٰی کی ذات ہے، اسباب کے طور پر سیب کھانا مفید ہے۔

☆......اینٹی بائیوٹک (Antibiotic) ادویات کے اِستعمال سے انسانی بدن کے لیے کئی نقصانات (Side Effects) ہوتے ہیں، حتی الامکان انہیں استعمال نہ کیا جائے۔

☆......کھانا کھانے کے فوراً بعد پانی پینا طباً (Medically) نقصان دہ ہے، بالخصوص کھانا کھانے کے بعد جو کولڈ ڈرنک (Cold Drink) کا رواج ہے، یہ انتہائی نقصان دہ ہے۔

☆......گرمیوں میں دو مشروب کچی لسّی اور لیموں کی سِکَنْجبِیْن۔(سِ۔کنج۔بِین) فائدہ مند ہیں۔

☆......اولاد کی اسلامی اصولوں کے مطابق تربیت کرنا اور قرآنی حکم پر عمل کرنا ضروری ہے۔

اللہ تعالٰی ارشاد فرماتا ہے:

www.dawateislami.net

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ عَلَیْهَا مَلٰٓىٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ۝ (پ۲۸،تحریم:۶)

ترجمہ کنز الایمان: اے ایمان والو اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اس پر سخت کرّے (طاقتور) فرشتے مقرر ہیں جو اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو انہیں حکم ہو وہی کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 12 جون 2016ء |

☆......ناشکری کی کئی اقسام ہیں ہر قسم میں گنہگار ہونا ضروری نہیں البتہ کوئی ناشکری کفر بھی ہوتی ہے۔

☆......جو رات میں بیدار ہو کر نمازِ تہجد پڑھنے پر قادِر نہ ہو یا کبھی نمازِ تہجد کے لیے اُٹھتا ہو اور کبھی نہ اُٹھتا ہو ،اسے نمازِ عشا کے ساتھ ہی نمازِ وتر پڑھنی چاہئے ،البتہ جس کی نمازِ وتر قضا ہوگئی ہو وہ فوراً اس کی قضا کرے۔

☆......تمام چیزوں کو کلمہ پڑھ کر اپنے ایمان کا گواہ بنایا جاسکتا ہے۔

☆......بچوں کو کمپیوٹر وغیرہ جدید آلات سے بچانے میں ہی عافیت ہے، بچہ ہو یا بڑا حتی الامکان ان چیزوں سے بچے، کیونکہ ان کا غالب استعمال غلط ہو رہا ہے۔

☆......مفتیانِ کرام اپنے فتاویٰ میں جب وزن (Weight) لکھیں تو گراموں میں لکھ دیا کریں تا کہ لوگوں کو آسانی ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 12 جون 2016ء |

☆......سلام کرنے والا یہ نیّت کرے کہ جسے سلام کر رہا ہوں، اس کا مال، جان اور عزت مجھ پر حرام ہے یعنی میں ان میں اِسے نقصان نہ پہنچاؤں گا۔

☆......مسکرانا سنّت ہے۔ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا ایک صفاتی نام مُتَبَسِّمْ بھی ہے۔ موقع کی مناسبت سے مسکرانا ہماری زندگی کا اہم جز ہے،اس سے لوگ ہمارے قریب آئیں گے اور ہمارے

www.dawateislami.net

اندر کشش اور دلچسپی پیدا ہوگی۔ مبلغین، آئمہ کرام اور مدنی اسلامی بھائیوں کو اس کی مشق کرنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مسکرانا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 13 جون 2016ء |

☆ ......موقع دیکھ کر اور اِجازت لے کر عالم سے مسئلہ پوچھا جائے، عالم صاحب منع کر دیں تو ناراض نہ ہوں۔

☆ ......حُبِّ مدح یعنی اپنی تعریف چاہنے کا جذبہ اچھا نہیں۔ یہ باطنی بیماری ہے اور اس کی وجہ سے بندہ کئی گناہوں میں مبتلا ہوسکتا ہے۔ (اس کی تفصیل کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''باطنی بیماریوں کی معلومات'' کا مطالعہ فرمائیے)

☆ ...... چھینک آنے پر حمد کرنی چاہیے اور آواز پست کرنے کے لیے منہ پر رومال یا ٹشو وغیرہ رکھنے میں حرج نہیں بلکہ اچھا ہے۔

☆ ......اللہ تعالیٰ نے جیسا بنایا ہے، اُس پر راضی رہنا چاہیے، البتہ حُسن کے لیے سفید رنگ ہونا ضروری نہیں نمازِ تہجد پڑھنے والوں کا چہرہ حسین ہوتا ہے۔

☆ ......اے کاش! ہم نیک اعمال کے ذریعے اور باطنی بیماریوں کا علاج کر کے اپنے دل چمکانے کی کوشش کریں۔

☆ ......گھر کو پُر امن بنانے کا نسخہ یہ ہے کہ مرد و عورت ایک دوسرے کے حقوق ادا کریں، عورت ہر جائز کام کے ذریعے اپنے شوہر کو راضی کرنے کی کوشش کرے۔ اگر عورت اطاعت گزار اور خدمت کرنے والی نہ ہو تو شوہر کو صبر کرنا چاہیے اور شوہر کی طرف سے زیادتی ہو تو عورت صبر کرے۔

☆ ......حُبِّ مدح (اپنی تعریف چاہنے کی محبت) کا خیال دل میں آیا تو گرفت نہیں اور اگر دِل میں بات جم گئی تو یہ قابلِ مذمّت ہے، اس سے بندہ کئی گناہوں میں مبتلا ہوسکتا ہے۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''باطنی بیماریوں کی معلومات'' میں کئی فرض عُلوم شامل ہیں۔ تمام

www.dawateislami.net

اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اس کا بار بار مطالعہ کریں حتی کہ انہیں یاد ہو جائے (گویا گھول کر پی لیں)۔

☆......جو ہر ایک کو اہمیت دے، اسے محبت دے اور اس کی حیثیت کے مطابق عزّت دے تو وہ شخص ہر دلعزیز ہوگا۔

☆......شوہر کے بغیر عورت کی زندگی اُجڑ جاتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 13 جون 2016ء |

☆......ہمارے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم تر کھجور سے روزہ افطار فرماتے، یہ نہ ہوتی تو خشک کھجور سے اور یہ بھی نہ ہوتی تو پانی سے۔

☆......صرف حلال روزی کھائیں اگرچہ کم ہو۔

☆......شرعاً غیر مسلموں کے مال کو بھی چوری کرنے یا چھیننے کی اجازت نہیں۔

☆......صرف مسائل پوچھنا کافی نہیں مزید علمِ دین حاصل کرنے کے لیے مطالعہ ضروری ہے، مثلاً نماز کے مسائل سیکھنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب **''نماز کے احکام''** کا مطالعہ کیجئے، مزید تفصیل کے لیے **''بہارِ شریعت''** کے دوسرے اور تیسرے حصے کا مطالعہ بھی کیجئے۔

☆......ہر عاقل بالغ مسلمان پر نماز فرض ہے، اسی طرح اس کے مسائل سیکھنا بھی فرض ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 14 جون 2016ء |

☆......بعض مدنی منّے وقتاً فوقتاً منہ میں انگوٹھا وغیرہ ڈال لیتے ہیں، اس طرح کی عادات اچھی نہیں، بچوں کی ایسی عادتیں نکالنی چاہئیں۔ ان سے انگلیوں کا میل اور جراثیم پیٹ میں جاتے اور اسے پیٹ خراب کرتے ہیں

☆...... چڑیا والا روزہ نہیں ہوتا، بچے میں جب روزہ رکھنے کی طاقت ہو اور نیّت پر قدرت رکھتا ہو (یعنی روزہ کیا ہوتا ہے؟ اس کی سمجھ رکھتا ہو) تو اسے روزہ رکھوانا چاہئے۔

☆......شرعی پردے کے ساتھ کُھلے آسمان کے نیچے اسلامی بہن نماز پڑھ سکتی ہے، البتہ اندر والے کمرے میں پڑھنا افضل ہے۔

www.dawateislami.net

☆......ماں باپ نے حج نہ کیا ہو اور بیٹے پر حج فرض ہو جائے تو بیٹے پر حج کرنا ضروری ہے۔

☆......حقیقی مالدار وہ ہے جو صاحبِ حُسنِ اعمال ہے۔

☆......مال کے پیچھے بھاگنے کے بجائے مولیٰ عزوجل کی رِضا کے حصول کے لیے نیکیاں کرنے کی کوشش کرے۔

☆......اللہ تعالیٰ ہمیں حلال اور آسان روزی عطا فرمائے۔

☆...... جتنا ہو سکے مسجد میں موبائل بند رکھا کریں۔

☆......دن میں ایک بار کھانا ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی سنّتِ عادیہ ہے۔

☆......جدید تحقیق ہے کہ جو کم کھاتا ہو، اُس کی عمر زیادہ ہوتی ہے۔

☆......جو زیادہ کھاتا ہے، وہ عموماً جوانی میں بھی اپنے آپ سے بیزار ہوتا ہے۔

☆......زیادہ کھانا پینا گویا اپنے ہاتھ سے خرچ کر کے بیماریاں خریدنا ہے۔

☆...... پیٹ بھر کر کھانا گناہ نہیں البتہ زیادہ کھانے والے کا نفس گناہوں کی طرف زیادہ مائل ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ ( بعدِ تراویح ) | 14 جون 2016ء |

☆......بعض بزرگ شُبُہات سے بچنے کے لیے خودرو (یعنی خود بخود اُگنے والی) گھاس کھا کر گزر بسر کرتے تھے جیسا کہ صاحبِ قوتُ القُلوب حضرت امام ابو طالب مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یہی معمول تھا، حتیٰ کہ ان کی کھال سبز ہو گئی تھی۔

☆......افضل یہ ہے کہ مسجد میں ایسے عمدہ لباس میں جائے، جس میں معزز لوگوں کے پاس جانا پسند کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دربار میں اسلامی، سُنّتوں بھرا اور اچھا لباس پہن کر حاضر ہونا چاہیئے۔ پلاسٹک اور چٹائی والی ٹوپی نہ پہنی جائے کم از کم جالی والی ٹوپی پہن لے، افضل عمامہ شریف ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 15 جون 2016ء |

☆......جس سے آخرت کو نقصان پہنچے، وہ دُنیا قابلِ مذمّت ہے۔

☆...... بڑے بہن بھائی رُعب ڈالیں تو چھوٹے بہن بھائیوں کو پھر بھی اُن کی عزت کرنی چاہیئے اور بڑوں کو

www.dawateislami.net

چاہئے کہ وہ چھوٹوں سے پیار کریں، نرمی سے پیش آئیں اور شفقت بھرا سلوک کریں۔

☆......شرعی طور پر مزارات پر جانا جائز بلکہ کارِثواب ہے۔

☆......علمِ دین، عمل اور جذبے کی کمی کی وجہ سے لوگ اپنی اولاد کی اسلامی تربیت نہیں کر پا رہے۔

☆......میں بچپن سے ہی سچ بولتا تھا اور جھوٹ بولنے سے ڈرتا تھا، اس بات سے میرے جاننے والے آگاہ تھے ایک شخص مجھ سے کسی وجہ سے ناراض ہوگیا، مجھ پر بہت تنقید کرتا تھا، مگر وہ بھی کہا کرتا تھا کہ الیاس قادری کے گلے پر چھری رکھ دی جائے تو یہ پھر بھی جھوٹ نہیں بولے گا۔

☆......بچوں کو آسان آسان احادیث اور نیک لوگوں کے واقعات سنا کر نیکی کا جذبہ دیا جائے۔

☆...... جب اللہ تعالیٰ کسی کو مصیبت یا امتحان میں مبتلا فرماتا ہے تو اس میں بھی بندے کا اپنا ہی فائدہ ہوتا ہے، مثلاً گُناہ معاف ہوتے ہیں یا درجات بلند ہوتے ہیں، توبہ کی توفیق ملتی، نیکیاں کرنے کا جذبہ ملتا ہے، دل آخرت کی طرف مائل ہوتا ہے۔ البتہ عافیت کی دعا کرنی چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ ( بعدِ تراویح ) | 15 جون 2016ء |

☆......اگر جانور کسی تکلیف میں ہو تو اس کی تکلیف دُور کرنا ثواب کا کام ہے۔

☆......ملازمت کے دوران ملازم کے ذِمّے جو کام ہے، اس کا واقعی حرج نہ ہوتا ہو تو ذِکرواذکار، درود شریف کا وِرد اور لوگوں کو سلام کرنے میں حرج نہیں بلکہ بہتر ہے۔

☆......آج مدنی چینل کو 8 سال مکمل ہوگئے ہیں، ہر ایک اس کے 12 ناظرین بڑھائے اور اپنی اِستعداد کے مطابق اس کے ساتھ مالی تعاون کرے مثلاً 12 روپے، 112، 12 ہزار، 12 لاکھ یا 12 کروڑ پیش کرے۔

☆...... یا اللہ عزوجل! جو کوئی ماہِ رمضان میں مدنی چینل کے 12 ناظرین میں اضافہ کرے اور مالی تعاون بھی کرے تو تُو اس کی مغفرت فرمادے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 16 جون 2016ء |

www.dawateislami.net

☆......نماز قضا کرنے والا نماز پڑھنے کے فوائد اور نہ پڑھنے کی وعیدوں پر غور کرے تو نماز کا عادی ہو جائے گا۔مثلاً نماز جنت میں لے جانے والی ہے اور نماز نہ پڑھنا جہنم کا حقدار بنا دیتا ہے۔جو جان بوجھ کر ایک نماز ترک کرتا ہے، اس کا نام جہنم کے اس دروازے پر لکھ دیا جاتا ہے، جس سے وہ اس میں داخل ہو گا۔

☆......سفید لباس افضل ہے، سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لباس اکثر سفید ہوتا تھا۔مرد رنگین کپڑے بھی پہن سکتا ہے بشرطیکہ بھڑکیلے نہ ہوں۔

☆......مسواک وضو سے پہلے کی جائے کیونکہ یہ وضو کی سُنّتِ قبلیہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ ( بعدِ تراویح ) | 16 جون 2016ء |

☆......کوئی اچھی چیز دیکھ کر تعجب ہو تو ماشآءَ اللّٰہ یابارَکَ اللّٰہ پڑھا جائے۔یہ پڑھنے سے اس چیز کو نظر نہیں لگے گی۔

☆......چھوٹے بچوں میں قدرتی طور پر کشش ہوتی ہے۔

☆......بچوں کو سائیکل دلانے میں حرج نہیں البتہ انہیں سڑک پر نہ جانے دیا جائے۔

☆......اللہ تعالیٰ بڑھاپے میں کسی کا محتاج نہ کرے اور غصے پر قابو کرنے کی توفیق و ہمّت عطا فرمائے۔

☆......گھروں اور قبائل کے جھگڑوں کے کئی اسباب ہوتے ہیں۔بنیادی سبب علمِ دین، اسلامی معلومات کی کمی اور علما کی صحبت سے دُوری ہے۔ان جھگڑوں کو ختم کرنے کے لیے علمِ دین حاصل کیجئے، جب کبھی کوئی مسئلہ ہو جائے تو علماء سے رجوع کریں، جھگڑے ختم ہو جائیں گے۔ان شآءَ اللّٰہ عزوجل

☆......خاندانی جھگڑے دنیا و آخرت کے نقصان کا باعث ہیں۔

☆......دعوتِ اسلامی محبتیں بڑھاتی اور نفرتیں مٹاتی ہے۔

☆...... پلاسٹک کے برتن استعمال کرنے کی ہر صورت نقصان دہ نہیں۔اگر پلاسٹک کے برتن میں کوئی گرما گرم چیز ڈالی یا دہی (Yoghurt) ڈالی تو اب اسے کھانے سے نقصان حتی کہ کینسر ہونے کا اندیشہ بتایا جاتا ہے۔

www.dawateislami.net

☆......رِسالہ فتاویٰ اہلسنّت (قسط9) زکوٰۃ (روزہ) واعتکاف کے مسائل پر مشتمل ہے اور شائع ہو چکا ہے ۔ ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن اس کا مطالعہ کرے۔ انہیں مبالغۃً تلقین ہے کہ سانس بعد میں لیں، پہلے اسے پڑھ لیں۔

☆......الحمدللہ عزوجل میں علمِ دین کا حریص ہوں، میں چاہتا ہوں آپ سب بھی علمِ دین کے حریص بن جائیں

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 17 جون 2016ء |

(بعدِ عصر سوالات کے جوابات نگرانِ شوریٰ مدظلہ العالی نے دیئے)

☆......حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا نام نُعمان بن ثابت تھا۔

☆......والدین کی وفات کے بعد بھی اولاد پر ان کے کچھ حقوق ہیں مثلاً (۱) ان کا قرض ادا کریں (۲) ان کی وصیت پر شریعت کے مطابق عمل کریں (۳) ان کے قریبی رشتے داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کریں (۴) اور دعائے مغفرت کرتے رہیں وغیرہ۔

☆......حضرت امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو عالمِ مدینہ کہا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 17 جون 2016ء |

☆......سب کا بھلا، سب کی خیر، سب کے بھلے میں اپنی خیر۔

☆...... پلاسٹک کی بوتل کو منہ لگا کر پانی نہ پیا جائے کہ پیتے ہوئے کچھ لُعاب (تھوک) لگ جائے گا، اس میں کچھ نہ کچھ بُو ہوتی ہے اور فوراً ڈھکن بند کرنے سے بدبو ہوجائے گی، اگر منہ لگا کر پینا پڑے تو کسی صاف کپڑے سے بوتل کا منہ صاف کرلیں۔

☆......قرآنِ کریم میں سورتوں کی ترتیب توقیفی ہے (یعنی سرکار علیہ الصلاۃ والسلام نے خود بیان فرمائی یوں لکھیں۔)

☆...... بَرَکت سے کیا مراد یہ ہے کہ کسی چیز میں وہ اچھا اضافہ جو ہونے کے بعد نہ جائے یا ایسا اچھا اضافہ اور کثرت جو کفایت کرے۔

www.dawateislami.net

☆......اپنے ماں باپ سے معمولی معمولی باتوں میں رُوٹھ کر گھر سے چلے جانا بھی والدین کو ستانا ہی ہے، وہ اس کے لیے پریشان ہوتے اور ڈھونڈتے پھرتے ہیں، ایسوں کو چاہئے کہ توبہ کریں اور والدین سے معافی مانگ کر انہیں راضی کریں۔

☆......فرمانبردار اولاد اپنے بوڑھے ماں باپ کی بات کو اہمیت دیتی ہے جبکہ نافرمان اولاد اس کا کوئی نوٹس نہیں لیتی۔ ان کی بات کو اہمیت نہ دینا بسا اوقات ان کی دل آزاری کا باعث ہوتا ہے۔

☆......اپنا ذہن بنایئے کہ ایک سال کا بچہ ہو یا 100 سال کا بوڑھا، ہم نے کسی کو تکلیف نہیں دینی۔

☆......بندے سے گُناہ ہو جائے تو ڈرے کہ اللہ تعالیٰ ناراض نہ ہو جائے اور نیکی کی سعادت پائے تو بھی ڈرے کہ نہ جانے قبول ہوئی ہے یا نہیں۔

☆......روزے کی حالت میں حجامت بنوانا یعنی بال کٹوانا جائز ہے البتہ داڑھی منڈوانا یا ایک مٹھی سے کم کروانا جائز نہیں اور یہ روزہ کے علاوہ بھی جائز نہیں۔

☆......تسبیحِ فاطمہ یعنی 33 مرتبہ سبحان اللّٰہ، 33 مرتبہ الحمد للّٰہ اور 34 مرتبہ اللّٰہ اکبر پڑھنے کے کئی فضائل ہیں۔

☆......دوسروں کے حقوق کا معاملہ حَسّاس ہے، اس کا اندازہ اس بات سے لگایئے کہ بروزِ قیامت مظلوم چیونٹی، بِلّی، بکری وغیرہ بھی دوسری ظالم چیونٹی، بِلّی، بکری وغیرہ سے بدلہ لے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 18 جون 2016ء |

☆......اولاد اپنے والدین کو محبت سے دیکھے تو ان کے لیے ثواب کی خوشخبری ہے، اسی طرح والدین بچوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے محبت سے دیکھیں تو ان کے لیے بھی ثواب ہے۔ اولاد نافرمان بھی ہو تو اس سے صِلۂ رِحمی کرنی چاہئے۔

☆......ہمارے ساتھ کوئی حُسنِ سلوک کرے یا نہ کرے، ہمیں ہر ایک سے حُسنِ سلوک کرنا چاہئے۔

www.dawateislami.net

☆......جن کو نمازِ تراویح پڑھتے ہوئے بہت تھکاوٹ لگتی ہو، ایسوں کو چاہئے کہ اگر پانی کم پیتے ہیں تو پانی زیادہ پئیں، اپنا ٹیسٹ کروالیں، ہوسکتا ہے شوگر کی وجہ سے ہو، شوگر ہو تو اس کا علاج کریں، اگر نمکیات کی کمی ہو تو ڈاکٹر سے مشورہ کر کے اس کا علاج کروائیں۔

☆......دعوتِ اسلامی کا ہر شعبہ اپنی جگہ اہمیّت رکھتا ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 18 جون 2016ء |

☆......ترازو وغیرہ میں تولنے کے بھی اصول ہوتے ہیں، ان کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے، تاکہ ناپ تول دُرست رہے۔

☆......مدنی حلیہ ضرور اختیار کیجئے مگر اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے، اسکا کوئی دُنیوی مفاد نہ ہو۔

☆......زندگی میں ایک مرتبہ تو کندھوں تک زلفیں بڑھا کر اس سنت پر عمل کیجئے، البتہ غسل کے بعد کنگھی کر کے دیکھ لیں کہ زلفیں کندھوں سے نیچے تو نہیں، اگر ایسا ہو تو فوراً انہیں کاٹ لیجئے کہ کندھوں سے نیچے زلفیں رکھنا حرام ہے۔

☆......21، 22 سال کے اسلامی بھائیوں کی داڑھی جب تک ایک مٹھی نہ ہو، وہ لمبی زلفیں نہ رکھیں۔

☆......جو چاند رات سے 12 روزہ مدنی کورس کرے، اے اللہ عزوجل! تُو اُسے اس وقت تک موت نہ دے جب تک میٹھا مدینہ نہ دیکھ لے۔

☆......اپنے سے بُلند رُتبہ شخصیت یا صاحبِ منصب کے سامنے محض مفاد (اپنا مطلب) حاصل کرنے کے لیے عاجزی کرنا، اپنے آپ کو نیچا دِکھانا چاپلُوسی کہلاتا ہے، یہ بھی باطنی بیماری ہے۔

☆......مدنی عطیات لینے کے لیے کسی سیٹھ کے پاس جائیں تو اس کی چاپلوسی نہ کریں۔

☆......لوگ مرغ کے بعدِ مغرب بانگ دینے سے بدشگونی لیتے ہیں یہ جائز نہیں۔ بدشگونی اسلام میں نہیں۔

☆......غوثِ پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی والدۂ محترمہ حضرت اُمُّ الخیر فاطمہ بنتِ حضرت عبداللہ صومعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کا مزار ایران کے صوبے گیلان (Gilan) کے صدر مقام رَشت (Rasht) میں ہے۔

www.dawateislami.net

☆......ایک تعداد ہے، جو فرض علوم سیکھنے کے لیے مطالعہ نہیں کرتے ، اگر مطالعہ کریں تو سمجھ کر نہیں پڑھتے ، سمجھ نہ آئے تو علماء سے نہیں پوچھتے۔انہیں اپنے اس انداز کو بدلنا چاہیے۔

☆......اعتکاف کے دوران وہ اسلامی بھائی جنہوں نے نماز کی تربیت حاصل کی ہوئی ہے ،وہ معتکفین کو نماز سکھائیں،اس کے حلقے لگاتے رہیں۔

| ۱۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 19 جون 2016ء |
|---|---|---|

☆......گھر میں پسندیدہ ڈِش نہ بنے اور غصہ آئے تو صبر کرتے ہوئے غصے کا علاج کیا جائے مثلاً تعوُّذ (اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ) پڑھیے۔

☆......شیطان سب کو وسوسے ڈالتا ہے ان کے علاج میں یہ بھی ہے کہ ان کی طرف توجہ نہ کی جائے ، اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا جائے ،تعوُّذ (اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ) پڑھا جائے ، جیسے ہی وسوسہ آئے ، ذِکراللہ شروع کردیا جائے وغیرہ۔مزید علاج کے لیے مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسالے **''وسوسے اور اُن کا علاج''** کا مطالعہ کریں۔

☆......شیطان نیک لوگوں کو بھی وسوسے ڈالنے کی کوشش کرتا ہے، اس میں بھی ہمارے لیے درس ہے کہ وہ باطل پر ہوکر اپنے باطل مشن کو نہیں چھوڑتا اور ہم دعوتِ اسلامی والے حق پر ہونے کے باوجود اپنے مشن ، نیکی کی دعوت دینے کو کیوں چھوڑیں۔

☆......عبادت میں دل نہ بھی لگے تو کرتے رہیں، ایک دن دل لگ ہی جائے گا۔

☆......زبان کی گندگی کی صفائی ''ذِکْرُ اللّٰه'' میں ہے۔

☆......نیک و پرہیزگار شخص کی تعظیم اس کی نیکی اور پرہیز گاری کی وجہ سے کرنا کارِ ثواب ہے۔

☆......اگر غریب، صابر و شاکر ہو تو اس کے لیے غربت فضیلت کا باعث ہے، عیب نہیں۔

☆......جس چیز پر 10 دفعہ ''یَا جَلِیْلُ'' پڑھ کر دم کرلیا جائے تو اِن شاءاللہ عزوجل وہ چوری نہیں ہوگی ۔مجلسِ

www.dawateislami.net

تعویذاتِ عطاریہ سے ''ہرکارہ کا تعویذ'' حاصل کر کے موبائل میں رکھ لیں، اِن شآءَ اللّٰہ عزوجل اس کی حفاظت ہوگی۔

☆......مذاق اُڑانا ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، مذاق اُڑانے والے توبہ کریں اور جس کا مذاق اُڑایا ہے، اس سے معافی مانگیں۔

☆......ہاتھ پر قلم سے تحریر لکھنا اچھا نہیں کہ اس تحریر کا ادب نہیں ہو سکے گا اور نام یا ڈیزائن گُدوانا (جسے ٹیٹو (Tattoo) کہا جاتا ہے) ناجائز و ممنوع ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 19 جون 2016ء |

☆......اس طرح کا ذہن رکھنا کہ فلاں کا نام بڑا یا بھاری ہے درست نہیں، جب بچے کا اچھا نام ہو تو (اس خیال سے یہ نام بھاری ہے) نہیں بدلنا چاہئے۔

☆......22 سال سے کم عمر کے اسلامی بھائی مدنی قافلے میں سفر نہیں کر سکتے، البتہ 12 سے 22 سال کے اسلامی بھائی اپنے سگے والد یا سگے بڑے بھائی کے ساتھ سفر کر سکتے ہیں۔

☆......نوجوانوں کا موٹر سائیکل کو رف انداز میں چلانا اور وَن وِیلنگ (one wheeling) کرنا اپنی موت کو دعوت دینا ہے، اس طرح کرنے والے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے یا زندگی بھر کے لیے معذور ہو جاتے ہیں

☆......اگر آپ کے بھائی، رشتہ دار یا جاننے والے موٹر سائیکل کو رف انداز میں چلاتے یا وَن وِیلنگ (one wheeling) کرتے ہیں تو انہیں اچھے انداز سے منع کریں۔

☆......موٹر سائیکل خطرناک سُواری ہے۔

☆......''یار'' کا معنیٰ دوست اور مددگار کے ہیں، والدین کو یار نہ کہنا ہی بہتر ہے۔

☆......اردو میں اللہ تعالیٰ کو ''اللہ سائیں'' کہنے سے بچنا چاہئے۔

☆......اگر شرعاً یا اخلاقاً کوئی حرج نہ ہو تو مختلف ڈے مثلاً مدر ڈے (Mother's Day)، فادر ڈے (Father's day)

www.dawateislami.net

منائے جاسکتے ہیں۔ان کا مقصد کسی بات کا شعور بیدار کرنا ہوتا ہے۔

☆......کوئی شخص ہماری بُرائی کرے تو اس سے ناراض ہونے، کسی کے سامنے معاذ اللہ اس کی برائی کرنے کے بجائے صبر کریں بلکہ اسے تحفہ روانہ کر دیں۔اس سے نفرتیں دُور اور محبتیں بڑھیں گی۔ایک شخص نے میری بُرائی کی، مجھے معلوم ہوا تو میں نے اسے عِطر کی شیشی یہ کہہ کر بھجوائی کہ آپ نے میری بُرائی کر کے میرے نامۂ اعمال میں نیکیاں بھجوائیں، اس لیے میں نے شکریہ ادا کرنے کے لیے آپ کو تحفہ بھجوایا ہے۔اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اتفاق سے ایک دن میں اس کی دکان کے قریب سے کچھ اسلامی بھائیوں کے ہمراہ گزر رہا تھا تو اس سے ملاقات ہوگئی وہ ہمیں اپنی دکان میں لے گیا اور ٹھنڈی بوتلیں پلائیں اور مجھ سے دعا کروائی۔

☆......نیکی کی دعوت نرمی، عاجزی اور لجاجت والے انداز سے ہونی چاہیے۔

☆......ایک ماہ کا اعتکاف کرنے والوں کو چاہیے کہ اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو مدنی مرکز فیضانِ مدینہ میں آخری عشرے کے اعتکاف کی دعوت دیں۔وہ اس کے لیے تیار نہ ہوں تو 3 دن بلکہ ایک دن کے اعتکاف کے لیے تیار کریں، اس طرح انہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کو سمجھنے میں آسانی ہوگی، ہوسکتا ہے ان کی کوئی غلط فہمی بھی دور ہو جائے۔

## مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 20 جون 2016ء |

☆......جن کے کپڑے غربت کی وجہ سے عمدہ نہ ہوں، ان سے کترانا اچھا نہیں۔

☆......مدرسۃ المدینہ بالغان میں حاضری میں سُستی ہو تو قرآنِ کریم کی اہمیّت کو پیشِ نظر رکھیں اور سُستی ہو تو اپنے آپ کو ملامت کریں کہ اتنی عمر گزر گئی، ابھی تک قرآنِ کریم دیکھ کر بھی پڑھنا نہیں آیا۔اللہ تعالٰی توفیق دے تو سارا دن ہی مخارج کو یاد کرنے اور درست ادائیگی کی مشق (Practice) کریں۔

☆......اگر اعتکاف کی نیّت ہو تو مسجد میں سونا جائز ہے، البتہ مسجد کو گھر بنانے کی اجازت نہیں، یہ ریسٹ ہاؤس (Rest House) نہیں۔

www.dawateislami.net

☆......خوبصورت وادیوں میں مدنی قافلے میں سفر کرنے میں حرج نہیں، البتہ نیّت اللہ تعالیٰ کی رِضا کی ہی ہونی چاہیئے۔ مدنی تربیّت گاہ پر جا کر یہ نہ کہا کریں کہ مجھے صرف فلاں پُر فضا مقام پر مدنی قافلے میں بھیجیں۔

☆......میں لائٹ والی ڈیجیٹل گھڑی (Digital Watch) استعمال کرتا ہوں، مجھے اس میں آسانی ہوتی ہے۔ اس کو استعمال کرنے کی ایک وجہ کفایت شعاری بھی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ رمضان ۱٤۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 20 جون 2016ء |

☆......ناخن کاٹنے میں مبالغہ نہ کیا جائے، بعض لوگ ناخن کے کنارے گوشت تک کاٹ لیتے ہیں، جس کی وجہ سے ناخن مڑ کر گوشت میں بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں، جس سے بہت تکلیف ہوتی ہے اور بعض اوقات آپریشن کروا کر، ناخن نکلوانا پڑتا ہے۔

☆......سلام کرتے ہوئے کم از کم یہ نیّت کر لے کہ سنّت پر عمل کرتے ہوئے سلام کر رہا ہوں۔

☆......جوانی میں خوب عبادت کرنی چاہیے، بڑھاپے میں محنت والی عبادت مشکل ہوتی ہے اور جوانی والی ہمت و طاقت نہیں ہوتی۔

☆......مقتدی جب دائیں طرف سلام پھیرے تو داہنی طرف کے نمازیوں، کراماً کاتبین، محافظ فرشتوں اور امام اس طرف ہو تو اس کی نیت کرے اور جب بائیں طرف سلام پھیرے تو اسی طرح کراماً کاتبین، محافظ فرشتوں اور امام اس طرف ہو تو اس کی نیت کرے اور اگر امام بالکل سامنے ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی بھی نیت کرے۔ اگر کوئی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو صرف کراماً کاتبین اور محافظ فرشتوں کی نیت کرے۔

☆......سوچ سمجھ کر زندگی گزاریئے، کوئی لمحہ آخرت کی تیاری سے غفلت میں نہ گزرے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ **''وسوسے اور ان کا علاج''** کا مطالعہ ہر ایک کے لیے ضروری ہے، یہ ہر ایک لیے مفید ہے۔

☆......ماں باپ کے جو حقوق دِینِ اسلام میں بیان کیے گئے ہیں، وہ کسی دِین میں نہیں۔

☆......ماں باپ کو ستانا آخرت کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی نقصان کا باعث ہے۔

☆......جو صفائی ستھرائی سنّتِ تنظیف کی نیّت سے ہو تو کارِ ثواب ہے۔

www.dawateislami.net

☆......جوعلم کا عالم ہے، وہ عام لوگوں سے عقلمند ہوتا ہے اور مفتی عالم سے بھی زیادہ عقلمند ہوتا ہے۔

☆......عقل کا استعمال درست سمت میں کیا جائے تو قابل تعریف ہے اور غلط کیا جائے تو قابلِ مذمت ہے۔

☆......وہی عقلمند کامیاب ہے، جس نے اپنی عقل کو اللہ و رسول عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں استعمال کیا۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٦ رمضان ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 21 جون 2016ء |

☆......اللہ تعالیٰ کی کسی نافرمانی کو چھوٹا سمجھنا، اُسے بڑا کر دیتا ہے۔

☆......ہر گناہ چھوٹا ہو یا بڑا، جہنم میں جھونک سکتا ہے۔

☆......اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے ہر صورت میں بچنا ہے۔

☆......بتقضائے بشریت گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرنا واجب ہے، اس میں تاخیر کریں گے تو یہ تاخیر کرنا ایک اور گناہ ہوگا۔

☆......مرنے والوں کی فہرست بنائی جائے تو مرنے والے اکثر جوان یا اُدھیڑ عمر ہوں گے۔

☆......مردم شماری کی جائے تو معاشرے میں بوڑھوں کی تعداد کم ہوگی۔

☆......بڑھاپے کے بعد کوئی منزل نہیں، گویا یہ قبر کے لیے بارڈر ہے کہ اب گرا کہ اب۔

☆......جتنی نمازیں قضا ہوئیں، ان کی ایک ایک رکعت قضا کرنا ضروری ہے۔

☆......قیامت کے دن ذرّے ذرّے کا حساب ہوگا۔

☆......حلال کا حساب ہے اور حرام پر عذاب۔

☆......جتنا حلال مال زیادہ ہوگا، اس کا حساب بھی زیادہ ہوگا۔

☆......عدّت کے مسائل بغیر مطالعہ کے سمجھنا مشکل ہے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ نیا رسالہ **"گرمی سے حفاظت کے مدنی پھول"** کو خرید کر خود بھی مطالعہ کریں، عام لوگ بھی اس کا مطالعہ کرنے میں دلچسپی لیں گے، اس لیے خوب تقسیم کیجئے۔

www.dawateislami.net

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**مالِ وراثت میں خیانت نہ کیجئے**'' کا ضرور مطالعہ کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 22 جون 2016ء |

☆...... نماز کے دَوران اور توابعِ نماز میں (مثلاً نماز کیلئے جاتے ہوئے) اُنگلیاں چٹخانا **مکروہِ تحریمی** ہے (۲) خارجِ نماز (توابعِ نماز میں بھی نہ ہو) میں بِغیر حاجت کے **مکروہِ تنزیہی** ہے (۳) خارجِ نماز میں کسی حاجت کے سبب (مثلاً اُنگلیوں کو آرام دینے کیلئے) **مُباح** (یعنی بِلا کراہت جائز) ہے۔

☆......کوئی احسان کرے یا ہمارا کوئی کام کردے یا راحت پہنچائے تو اس کا شکریہ ادا کرنے کے لیے زبان سے ''شکریہ'' کے الفاظ کہے۔ جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا کہہ دے۔

☆......ماں باپ کی فرمانبرداری کرنا بھی اُن کے احسانات کا شکریہ ادا کرنے کی ایک صورت ہے۔

☆......رمضانُ المبارَک میں سُبْحَانَ اللّٰہ کہنے کا ثواب زیادہ ہے، فرمانِ حضرت امام ابراہیم نَخعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہے: ماہِ رمضان میں ایک دفعہ تسبیح کہنا غیرِ رمضان کی ایک ہزار (1000) دفعہ تسبیح کہنے سے افضل ہے۔

☆......لوگوں کا یہ کہنا کہ جن مہینوں میں لفظ ''را'' آتا ہے مثلاً جنوری، تو اس میں مچھلی کھانی چاہئے اور جن میں لفظ ''را'' نہ آتا ہو مثلاً مئی تو ان میں نہیں کھانی چاہئے، اس کی کوئی حقیقت نہیں، عوام ایسی باتیں یونہی کرتے رہتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 22 جون 2016ء |

☆...... بیرونِ ملک سفر کرنے والوں کو چاہئے کہ (۱) سفر سے پہلے ضروری شرعی مسائل سیکھ لیں (۲) ویزا لینے میں کسی قسم کا جھوٹ اور رشوت کا لین دین نہ کریں (۳) جو قانون شریعت سے نہ ٹکراتا ہو اس کی خلاف ورزی بھی نہ ہو۔

☆...... اگر آم ٹھنڈا کر کے کھایا جائے مثلاً تھوڑی دیر پانی میں رکھ دیا جائے اور کھانے کے بعد کچی لسی پی لیں تو دانے (پھنسی، پھوڑے) نہیں ہوں گے۔ ان شاءاللہ عزوجل

☆......ہمیں صرف اور صرف عاشقانِ رسول علمائے کرام کی صحبت اُٹھانی اور ان سے دِین سیکھنا ہے۔

www.dawateislami.net

☆ ......اللہ عزوجل کے عذاب کا ڈر، مسائل معلوم کرنے کا ذہن اور عاشقانِ رسول علماء کی صحبت نہ ہونے کی وجہ سے لوگ گناہوں میں پڑتے بلکہ عبادت بھی دُرست انداز سے نہیں کر پاتے۔

☆ ......بیرونِ ملک کا ویزا 100 فیصد سچ بول کر ہی حاصل کیا جائے۔

☆ ......2 نوالے کم کھائیں اور اپنے وطن میں رہیں۔

☆ ......ملکِ عزیز پاکستان ہمارے لیے بہت بڑی نعمت ہے اِس کی تعمیر میں ہم سب کو حصہ لینا چاہئے۔

☆ ......اے کاش! ہمارا ملک حقیقی معنوں میں اسلام کا قلعہ بن جائے۔

☆ ......دعوتِ اسلامی کے مثبت انداز سے پاکستان کی تقریباً تمام سیاسی پارٹیوں میں دعوتِ اسلامی سے محبت کرنے والے موجود ہیں۔

☆ ......اللہ تعالیٰ حضور غوثِ پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی برکتوں سے ہم سب کو مالا مال فرمائے۔

☆ ......عاشقانِ رسول علما کے خلاف زبان درازی کرنے سے ایمان خطرے میں پڑ سکتا ہے۔

☆ ......ہم عاشقانِ رسول علماء سے ہی دِین سیکھ سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 23 جون 2016ء |

☆ ......جس نے جسم پر نام یا ڈیزائن گُدوایا ہو (جسے ٹیٹو (Tatto) کہاں جاتا ہے اور یہ شرعاً ناجائز وحرام ہے) تو اس کی نماز ہو جائے گی البتہ وہ اس سے توبہ کرے اور لوگوں پر اس کو ظاہر بھی نہ کرے۔

☆ ...... بچے جب تک مُراہِق (10 برس کی عمر کے بعد بالغ ہونے کے قریب) اور بچیاں مُشْتَہاۃ (9 برس کی عمر کے بعد بالغہ ہونے کے قریب) نہ ہو جائیں، آپس میں کھیل سکتے ہیں، مگر میرا مشورہ ہے کہ جب سمجھدار ہو جائیں تو انہیں جدا کر دیا جائے کہ آگے جا کر یہ عشقِ مجازی کی تباہ کاری کا شکار ہو سکتے ہیں۔

☆ ......کسی بات کو اس وقت تک غیبت قرار نہ دیں جب تک آپ کو 100 فصید معلومات نہ ہو جائیں کہ یہ غیبت ہے۔ غیبت کی معلومات کے لیے مکتبۃ المدین کی شائع کردہ کتاب ''غیبت کی تباہ کاریاں'' کا مطالعہ کیجئے۔

☆ ...... ہر وقت اپنی صفائی ستھرائی رکھی جائے کیونکہ کپڑوں یا جسم میں بدبو ہو تو مسجد اور مسلمانوں کے مجمع میں

www.dawateislami.net

جانا منع ہے۔

☆......عورتیں ہاتھوں میں مہندی لگاسکتی ہیں بلکہ حدیث میں انہیں ہاتھوں میں مہندی لگانے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے۔

☆......داڑھی میں مہندی لگانے کا طریقہ یہ ہے کہ مہندی کو کم از کم آدھے گھنٹے کے لیے پانی میں بھگودیں بہتر ہے وہ پانی گرم ہو۔ مہندی لگانے سے پہلے کچھ نیتیں کرلیں۔ داڑھی کے تمام بالوں پر نوک تک مہندی لگائیے۔

☆......**مہندی لگانے کی نیّتیں**: ☆سنّتِ صحابہ ادا کروں گا ☆ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی پسند پر عمل کروں گا ☆ اسلامی بہنیں ہاتھوں میں مہندی لگاتے ہوئے یہ نیّت کرسکتی ہیں کہ حکمِ سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم پر عمل کروں گی ☆ شوہر کو خوشی اور راحت پہنچانے کے لیے مہندی لگاؤں گی وغیرہ۔

☆......اُلٹی چٹائی یا اُلٹے مُصلّے پر نماز ہوجاتی ہے۔

☆......میرے دل میں شروع سے ہی یہ ڈر بیٹھ گیا تھا کہ غذا کا کوئی ذرہ ضائع گیا تو کہیں اسراف کے گناہ میں مبتلا نہ ہوجاؤں۔

☆......مجھے اپنے اشعار سے زیادہ اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ علیہ) کے اشعار یاد ہیں۔

☆......قبر کے اندر وہ حصہ جو میّت کے جسم سے قریب ہوتا ہے، اس میں آگ سے پکائی گئی اِینٹیں لگانا منع ہے البتہ اوپر لگا سکتے ہیں۔

☆......اگر کسی نے کہا ہو تو صدائے مدینہ لگاتے ہوئے اس کا دروازہ کو کھڑکا سکتے ہیں البتہ دیگر لوگوں کے دروازے نہ کھڑکائے جائیں۔

☆......میرے آئیڈیل اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 23 جون 2016ء |

☆......جو شریعت کا پابند ہے وہ قابلِ تعظیم ہے۔

☆......شوہر کو مجازی خُدا نہ کہا جائے البتہ کسی نے کہہ دیا تو کفر نہیں۔

www.dawateislami.net

☆ ......کسی بھی رنگ کا جوتا پہننا اگرچہ جائز ہے لیکن پیلے رنگ کے جوتے پہننا بہتر ہے کہ مولا مشکل کشا علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو پیلے جوتے پہنے گا اس کی فکروں میں کمی ہوگی ۔(کشف الخفاء، الحدیث ۲۵۹۵، ج۲، ص۲۴۶)

☆ ......فقہی مسئلہ بتانے میں بہت احتیاط کی حاجت ہے۔ مسائل کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں ۔اس لیے ان میں غلطی کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ لٰہذا شرعی مسائل کے لئے دارالافتاء اہل سنت سے ہی رجوع کیا جائے۔

☆ ......عاشقانِ رسول اپنی بچیوں کو پوری آستین والے اور زنانہ کپڑے پہنایا کریں۔

☆ ......ورزش بہت ساری بیماریوں سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 24 جون 2016ء |

(بعدِ عصر سوالات کے جوابات نگرانِ شوریٰ مدظلہ العالی نے دیئے)

☆ ......عیدُ الفِطْر کا دن چھوڑ کر پورے شوال المکرّم میں جو 6 روزے رکھے جاتے ہیں اُنہیں شش عید کے روزے کہا جاتا ہے، حدیث میں ہے: ''جس نے عیدُ الفِطر کے بعد (شوّال میں) 6 روزے رکھ لئے تو اُس نے پورے سال کے روزے رکھے کہ جو ایک نیکی لائے گا اُسے 10 ملیں گی۔

☆ ......امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ نے سب سے پہلا رِسالہ تذکرۂ امام احمد رضا تحریر فرمایا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعد تراویح) | 24 جون 2016ء |

☆ ......چیونٹیوں کو بلا ضرورت نہیں مارنا چاہیے، صفائی سے پہلے انہیں کسی طرح بھگا دیں مثلاً کپڑے یا پھونک سے اُڑا دیں۔ البتہ دفعِ ضرر یعنی تکلیف دُور کرنے یا نفع حاصل کرنے کے لیے جانوروں کو مارا جا سکتا ہے۔

☆ ......جتنا ہو سکے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو راحت و آرام دینا چاہیے۔

☆ ......لوگوں میں عقیقے کے بارے میں کچھ غلط باتیں مشہور ہیں، دُرست معلومات کے لیے مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''عقیقے کے بارے میں سوال جواب'' کا مطالعہ کیجئے۔

☆ ......اللہ تعالیٰ ہمیں کوئی منصب دے تو ہمارا مزاج عاجزی والا ہونا چاہیے تاکہ ہم اپنے ماتحت سے بھی نرمی سے پیش آئیں، جب ہم کسی وجہ سے اپنے ماتحت سے سخت رویہ اختیار کرنے لگیں تو سوچیں کہ کیا ہمارے

www.dawateislami.net

پیارے آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے اس طرح برتاؤ کرتے تھے؟ یوں ہمارے اخلاق بہتر ہو جائیں گے۔ان شاء اللہ عزوجل۔

☆......کسی منصب پر فائز یا مالدار شخص کے لیے تکبر سے بچنا مشکل ہوتا ہے اس لیے سوچ سمجھ کر زندگی گزاریئے اور تکبر کا علاج کیجئے۔

☆...... ہر منصب والا یہ ذہن بنائے کہ یہ منصب مجھے اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور وہ کبھی بھی مجھ سے لے سکتا ہے۔اسی طرح اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتا رہے۔

☆...... جسے طرح طرح کی نعمتیں حاصل ہوں تو وہ یہ سوچے کہ میری نیکیوں کا بدلہ کہیں دنیا میں ہی نہ دے دیا جائے اور آخرت میں مجھے ان سے کچھ فائدہ نہ ہو۔

☆......بعض بزرگ جلد بازار جانے کی مذمّت فرماتے تھے۔صبح بازار کے بجائے مسجد میں جلد جانا چاہیے

☆......کھجور، نمک یا پانی سے روزہ اِفطار کرنا شرط نہیں کسی بھی کھانے والی چیز سے روزہ اِفطار کیا جاسکتا ہے۔

☆......سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بال سفید ہوئے اور انہوں نے ان پر مہندی لگائی۔

☆...... کالا خضاب لگانے والا پہلا شخص فرعون ہے۔

☆......اُمتِ مصطفیٰ میں سب سے پہلے صحابی رسول حضرت محمد بن حاطب قرشی جُمحی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ''محمد'' رکھا گیا۔

☆...... بچے کا عقیقہ کرنا مستحب ہے، جس بچے کا عقیقہ کیا جائے اس سے بلائیں دُور ہوتی ہیں۔

☆......جنّات بھی شریعت کے مُکلّف (پابند) ہوتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 25 جون 2016ء |

☆......ہر گُنہگار کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کی اُمید رکھنی ہے اور ہر نیکوکار کو اللہ تعالیٰ کی بے نیازی سے ڈرتے رہنا ہے۔

☆......اگر واقعی یہ سوچ بن جائے کہ ''اللہ دیکھ رہا ہے'' تو گُناہوں سے بچنے میں مدد ملے گی۔

☆......جب بھی کوئی نیک عمل کریں، قرآنِ کریم پڑھیں، نماز وغیرہ ادا کریں تو اُس کا ثواب اِیصال کر سکتے ہیں۔

☆......قبر میں عہد نامہ رکھ سکتے ہیں، اس سے مُردے کو فائدہ ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net

☆ ......مکتبۃ المدینہ سے عہد نامہ ملتا ہے، اُسے حاصل کر کے گھر میں رکھیں ۔ (یہ عہد نامہ امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کے ہاتھ مبارک کا لکھا ہوا ہے۔اس کا ہدیہ بہت کم ہے۔ایک روپے کے دو)

☆ ......افسوس! زندوں کے لیے ہر طرح کی سہولت ہے، مگر قبرستانوں اور اس کی طرف جانے والے راستوں کی تعمیر نہیں کی جاتی۔

☆ ......قرض لے کر عمرہ کیا جا سکتا ہے مگر ایسا نہ کریں، بعض غریب جذبے میں آ کر قرض لے کر عمرہ کر لیتے ہیں پھر ادائیگی نہ کر سکنے کی وجہ سے منہ چھپاتے ہیں۔

☆ ......جنّتی جنّت میں نمازیں نہیں پڑھیں گے البتہ ان کی زبانوں پر ذِکرُ اللّٰہ جاری ہوگا۔ بہارِ شریعت میں ہے: ہر وقت (جنّتیوں کی) زبان سے تسبیح و تکبیر (سبحان اللہ و، اللہ اکبر) بہ قصد اور بِلا قصد (اِرادے یا بغیر اِرادے کے) مثلِ سانس کے (سانس کی طرح) جاری ہوگی۔

☆ ......جنّت کے معنیٰ باغ ہیں۔

☆ ......بچے کی پیدائش کے فوراً بعد غسل دیا جائے تو دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اِقامت پڑھنی چاہیے، اس سے بلائیں دُور ہوتی ہیں۔

☆ ......فاتحہ خوانی کرتے ہوئے اگربتی جلانے کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اچھی اچھی نیّتوں مثلاً فاتحہ خوانی میں موجود لوگوں کو خوشبو پہنچے وغیرہ سے ہو تو کارِ ثواب ہے بغیر اچھی نیّت کے نہ جلائیں۔

☆ ......پیر و مرشد کے پاس جانا سعادت کی بات ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 25 جون 2016ء |

☆ ......بچے جو کپڑے پسند کریں اس میں کوئی مسئلہ یا شرعی خرابی مثلاً جانداروں کی تصاویر یا مضبوطی کے اعتبار سے کوالٹی درست نہ ہو تو بچوں کی دلجوئی کرتے ہوئے ان کی پسند کو ترجیح دیا کریں۔ ان شاءاللہ عزوجل اس سے ان کی دِلجوئی کا ثواب ملے گا اور وہ لباس پہننے میں بچوں کو بھی رغبت ہوگی۔

☆ ......بعض لوگ جہیز میں سلور وغیرہ کے جو برتن دیتے ہیں اس پر نام کندا کروا دیتے ہیں، یوں نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اکثر نام مقدس ہوتے ہیں (۱) جب ایسے برتنوں کو دھوتے ہیں تو ان کا دھوون (پانی) ایسے مقام پر جاتا

www.dawateislami.net

ہے جہاں اس تحریر کا دھوون (پانی) نہیں جانا چاہئے، یوں بے ادبی ہوتی ہے (۲) اس میں میل جمع ہو جاتی ہے جو برتن استعمال کرنے سے پیٹ میں جاتی ہے۔

☆......جینا ہے تو ایسے جیو کہ زمانہ مثال دے۔

☆......بچوں کے دل میں بھی خوفِ خدا پیدا کرنا چاہئے۔

☆......بعض باتیں مثلاً نابالغ کا گناہ لکھا نہیں جاتا وغیرہ بچوں کو نہیں بتانی چاہئیں کہ اس سے بچے بے باک ہو جاتے ہیں اور شیطان انہیں کھلونا بنالیتا ہے۔

☆......بچوں کے دل میں خوفِ خدا ہوگا تو وہ عبادت کریں گے۔

☆......اے کاش! ہم مرنے سے پہلے اپنے نفس کو زیر کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔

☆......بچوں کو جانداروں والی تصاویر کے بابا سوٹ نہ پہنایا کریں۔

☆......میں دعوتِ اسلامی کے ان ذمہ داران سے خوش ہوتا ہوں جو اپنے بچوں کو سفید مدنی لباس ہی پہناتے ہیں۔

☆......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مرشِد گرامی کا نام حضرت شاہ آل رسول مارہروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہے۔

☆......مسجد عبادت کی جگہ ہے، اس میں موبائل سے کھیلنا محرومی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 26 جون 2016ء |

☆...... گُناہوں کی وجہ سے دل بھی میلا ہو جاتا ہے، تلاوتِ قرآن کرنے، موت کو یاد کرنے، اللہ تعالیٰ کے خوف اور عشقِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) میں رونے سے دل کی صفائی ہوتی ہے۔

☆......تر پھول تسبیح کرتے ہیں، قبر پر پھول ڈالنے سے مُردے کو راحت ملتی ہے۔

☆......قبر پر اگر بتی نہ جلائی جائے، اگر حاضرین کو خوشبو پہنچانا مقصود ہو تو قبر سے ہٹ کر جلائی جاسکتی ہے۔

☆......فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم کہنا مستحب ہے۔ اگر یہ پڑھنا بھول گئے تو دوبارہ اذان دینا ضروری نہیں۔

www.dawateislami.net

☆ ......کئی پہاڑوں کو مقدس ہستیوں سے نسبت حاصل ہے مثلاً کوہِ طور کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اور اُحد پہاڑ کو ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے نسبت حاصل ہے۔فرمانِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم): میں اس (اُحد پہاڑ) سے محبت کرتا ہوں اور یہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔

☆ ......شیطان کے وجود کا انکار کرنا کفر ہے۔

☆ ......پیٹ کی خرابیوں کے لیے اچھے حکیم سے علاج کروانا بہتر ہے۔

☆ ......ہم ذاتی سوچ کے غلام نہیں ہیں، عربی آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے غلام ہیں۔

☆ ......اگر کسی کو بِلا وجہ (بغیر اجازتِ شرعی) اِیذاء دی ہو تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جس کو اِیذاء دی ہے، اس سے معافی مانگی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 26 جون 2016ء |

☆ ......حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم 5 بہن بھائی تھے: طالب، حضرت عقیل، حضرت جعفر طیّار، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور حضرت اُمِّ ہانی رضی اللہ عنہا۔

☆ ......مچھلی کے علاوہ سمندر کی دیگر مخلوقات کو کھانا حرام ہے۔

☆ ......جو حج یا عمرے کے لیے جا رہا ہو، اسے مبارک باد دی جائے اور یہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی حاضری قبول فرمائے، بے ادبوں اور بے ادبی سے بچائے، میرے لیے دعا کیجئے گا، بارگاہِ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم میں میرا اسلام، شیخینِ کریمین کو سلام، اہلِ بقیع و اہلِ مطاف کو سلام عرض کیجئے گا وغیرہ۔

☆ ......**جوڑوں کے درد کا علاج**: ایک عدد بھنڈی سر سے لے کر دُم تک بیچ میں سے چِیر لگالیں اور اس کو کم از کم 12 گھنٹے پانی میں بھگو کر رکھیں پھر اسی پانی میں اس کو نچوڑ کر اس کا پانی پی لیں، جوڑوں کے درد سے نجات ملے گی۔ان شاء اللہ عزوجل

☆ ......صحبت کا اپنا اثر ہوتا ہے، اس لیے اپنے آپ اور اپنے بچوں کو بُری صحبت سے بچائیے۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''مچھلی کے عجائبات'' اپنی نوعیّت کا انوکھا اور دلچسپ رسالہ ہے۔اس کا ضرور مطالعہ کیجئے۔

www.dawateislami.net

| ۲۱ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 27 جون 2016ء |
| --- | --- | --- |

☆......زُلفیں رکھنا سنّت ہے، مدنی منّوں کو بھی زُلفیں رکھنی چاہئیں، مگر میرا مشورہ ہے کہ وہ صرف آدھے کان تک رکھا کریں، پورے کان یا کندھوں تک نہ رکھیں۔

☆......مرد کندھوں تک بال رکھ سکتا ہے، سنّت کی نیت کرے گا تو ثواب بھی ملے گا۔ کندھوں سے نیچے رکھنا عورتوں کی مشابہت کی وجہ سے حرام ہے۔

☆......قبر ایک بالشت یا اس سے کچھ زیادہ بلند ہونی چاہئے اور اسے کوہان نُما بنایا جائے۔

☆......دِرہم، اشرفی اور دینار پہلے لوگوں کی کرنسی تھی، درہم چاندی کے سکّے، اشرفی اور دینار سونے کے سکّے کو کہتے تھے۔

☆......صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پیارے آقا، حبیبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے بے انتہا محبت کرتے تھے۔

☆......ذہن بنائیے کہ ہمیں ادائے مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) پر فدا ہونا ہے۔

☆......ہمارے عُرف میں عوام کے مدفن کو ''قبر'' اور بزرگوں کے مدفن کو ''مزار شریف'' کہا جاتا ہے۔

☆......بچے یا بچی کو ہجری سن کے اعتبار سے صرف 2 سال دودھ پلانا جائز ہے، جب 2 سال پورے ہوجائیں اور ایک دم دودھ چھڑایا جائے تو بچے کے بیمار ہونے کا اندیشہ رہتا ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ 2 سال پورا ہونے سے پہلے ہی آہستہ آہستہ ماں اپنا دودھ پلانے میں کمی کردے اور گائے وغیرہ کا دودھ بھی پلانا شروع کردے۔

| ۲۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 27 جون 2016ء |
| --- | --- | --- |

☆......والدین کی خدمت کرنی چاہئے، جو شریعت کے مطابق کہیں وہ فوراً کردیں بلکہ بالفرض وہ ظلم بھی کریں تب بھی ''اُف'' نہ کریں اور انہیں راضی کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

☆......آم پھلوں کا بادشاہ ہے یہ بہت کھایا جاتا ہے اسی طرح شاید آلو سبزیوں کا بادشاہ ہے۔

☆......کاش! مجھے جنّتُ البقیع میں قطبِ مدینہ (حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے قدموں میں مدفن نصیب ہوجائے، آپ میرے لیے دعا کریں۔

☆......باوضو رہنے سے بلائیں دور ہوتی ہیں۔

www.dawateislami.net

☆......ڈرائیور حضرات باوضو گاڑی چلایا کریں۔

☆......ہمارا وضو درست ہوگا تو اس کی برکتیں ملیں گی۔

☆......آجکل وضو کا درست طریقہ کم لوگوں کو معلوم ہوتا ہے اولاً فرائض پورے ادا نہیں کرتے اور اگر فرائض پورے ہوجائیں تو سنّتیں چھوڑ دیتے ہیں۔

☆......بہو اگر ساس سسر کی خدمت کرے گی تو اسے شوہر کی رضا نصیب ہوگی۔

☆......میں نے اپنی بیٹی کو مبالغۃً 100 مرتبہ کہا ہوگا کہ اپنے ساس سسر کی خدمت، والدین سمجھ کر کرو۔ اسی طرح اپنی نواسیوں کو بھی کہتا رہتا ہوں کہ اپنے دادا دادی کی خوب خدمت کیا کرو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 28 جون 2016ء |

(بعدِ عصر نگران شوریٰ مدظلہ العالی نے جوابات دیئے)

☆......جب تک شرعاً واجب نہ ہو اپنی بات پر اَڑ جانا اور بحث ومباحثہ کرنا غیر مناسب ہے۔ اگر شرعاً واجب بھی ہو تب بھی انتہائی نرم انداز میں سامنے والے کو اپنا مؤقف سمجھائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 28 جون 2016ء |

☆......خط یا نمائندے کے ذریعے بھی بیعت کی جاسکتی ہے۔

☆......ہمیں اپنے ذمّے اتنا کام لینا چاہیے جو ہم کرسکیں اور شرمندگی نہ ہو۔

☆......اسلام مسلمانوں کو آپس میں لڑنے سے منع کرتا ہے اور جو لڑے اسلام اس کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔

☆......اللہ تعالیٰ کو اللہ میاں کہنا منع ہے۔ اُردو زبان میں لفظِ **میاں** کا ایک معنی شوہر بھی ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے، اللہ تعالیٰ یا اللہ پاک کہا جائے۔

☆......دھوبی کو جو کپڑے دھونے کے لیے دیئے جاتے ہیں، اس میں کچھ رقم نکل آئے تو دھوبی اپنے پاس نہیں رکھ سکتا ہے، اسے اصل مالک کو لوٹانا ضروری ہے۔ دھوبیوں کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے چھوٹے بیگ رکھ لیں، جس کی کوئی چیز کپڑوں سے نکلے تو اس کی شناخت کے ساتھ رکھ لیں اور جب وہ کپڑے لینے آئے

www.dawateislami.net

تو اس کو بتا کر واپس کردیں۔

☆......جس سے جتنا ہو سکے نیک لوگوں کی خدمت کرے۔

☆...... بزرگوں کی خدمت ضرور رنگ لاتی ہے۔

☆......بعض علمِ دین رکھنے والے بھی نماز میں تعدیلِ ارکان درست انداز سے ادا نہیں کرتے ،قومے اور جلسے میں سبحان اللہ کہنے کی مقدار ٹھہرنا ضروری ہے۔

☆......نماز کے ارکان کو ادا کرنے میں تکلّف بھی نہیں کرنا چاہیئے، نارمل رہتے ہوتے ادا کریں۔

☆...... بنی اسرائیل پر اپنے مال کی 25 فیصد زکوۃ فرض تھی۔

☆...... ''علم کو لکھ کر قید کرلو'' کا معنی یہ ہے کہ لکھ کر یادداشت کے لیے محفوظ کرلو یا لکھ لو تا کہ یاد کرنا آسان ہو۔

☆......سب سے پہلے اسلام میں اذان دینے کا شرف حضرتِ بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہوا۔

☆...... ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو سبز رنگ پسند تھا۔

☆......نوٹوں کی بیع (خرید وفروخت) مثلاً پُرانے نوٹ دے کر نئے نوٹ لینے کے لیے ایک مجلس ہونا شرط ہے۔

☆......اے کاش! ہم خود تکلیف اُٹھا کر دوسروں کی راحت کا سامان کیا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 29 جون 2016ء |

☆...... اگر آپ کے بچوں کی امّی (زوجہ) مطالعہ کا شوق رکھتی ہیں تو کُتب **''پردے کے بارے میں سوال جواب''** اور **''اسلامی بہنوں کی نماز''** دیں، اور 3 رسائل (۱) **زخمی سانپ** (۲) **احترامِ مسلم** اور (۲) **سنّتِ نکاح** پڑھائیں۔ یہ کتب و رسائل آپ خود بھی پڑھ لیں۔ (یہ سب کتب دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ ہیں)

☆......بعض لوگ بیوی کو پاؤں کی جوتی سمجھتے ہیں اور جب یہ جوتی ان کے سر پر پڑتی ہے تو ٹینشن ہو جاتا ہے مثلاً بیوی اس سے طلاق کا مطالبہ کرتی ہے، میکے بیٹھ جاتی یا کورٹ میں پہنچ جاتی ہے۔

☆......دیہاتوں میں دعوتِ اسلامی کے عاشقانِ رسول کے مدنی قافلے سفر کریں، اس سے دیہات کے رہنے والے مدنی ماحول کے قریب آئیں گے اور انہیں علمِ دین حاصل کرنے کا شوق اور ذرائع حاصل ہوں گے

☆......دعوتِ اسلامی کے ذِمہ داران دیہات میں مدرسۃُ المدینہ بالغان کی ترکیبیں بنائیں۔ انہیں مدنی چینل

www.dawateislami.net

دیکھنے دِکھانے کا ذہن دیں۔

☆......دِین کا کام کرنا آسان نہیں ،افسوس !لوگوں کے پاس گناہوں اور دنیا کے لیے وقت اور پیسہ ہے، مگر دِین کے لیے نہیں۔

☆......مجلس مدنی چینل ایسی ڈِش کی ترکیب بنا رہی ہے،جس سے صرف مدنی چینل ہی دیکھا جاسکتا ہے۔اس کی قیمت 3200 روپے(پاکستانی کرنسی) ہے۔تمام دعوتِ اسلامی والے اس کے لیے مالی تعاون کریں جس سے بَن پڑے وہ کم از کم ایک ڈِش کی رقم دے۔مدنی قافلے کے ذریعے مختلف علاقوں میں اسے بھیجا جائے،ہوٹل والوں، پان والوں یا جہاں لوگ جمع ہوں، وہاں لگانے کی ترکیب بنائی جائے۔

☆......جو یہ ڈِش دے گا ان شاءاللہ عزوجل وہ مدینہ دیکھے گا۔

☆......اگر کوئی کسی ملازمت کے لیے اَہل ہو تو اس کی سفارش کرنا جائز ہے۔اچھی نیّت کے ساتھ ہو گی تو ثواب بھی ملے گا۔اِن شاءاللہ عزوجل

☆......اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑی نعمت ہے،ربّ تعالیٰ جس سے راضی ہوگا، اُسے جنّت میں داخل فرمائے گا۔

☆......اسلامی بہن دوپٹے کو سر پر لیے بغیر اذان کا جواب اور دُورد شریف کا وِرد کرسکتی ہے البتہ دوپٹہ لے کر کرے تو بہتر ہے۔

☆......پنج تن پاک سے مُراد یا تو پیارے آقا،حبیبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم،حضرت علی مرتضی،حضرت فاطمہ زہرا،امام حسن اور امام حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنھم) ہیں یا پیارے آقا،حبیبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم،حضرت ابوبکر صدیق،حضرت عمر فاروق،حضرت عثمان غنی اور حضرت علی مرتضی (رضی اللہ تعالیٰ عنھم) ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ رمضان ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 29 جون 2016ء |

☆......نیکیوں پر اِستقامت حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے اِستقامت کی دُعا کرے،نیکیوں میں دِل نہ بھی لگے تو لگانے کی کوشش کرے،ان شاءاللہ عزوجل دل لگ ہی جائے گا۔نیکیوں کے فضائل پڑھتا رہے۔

☆......اعتکاف کے دوران ملاقات میں یا بعدِ اعتکاف بعض لوگ پوچھتے ہیں کہ کتنے پارے پڑھے ہیں؟اور کم

www.dawateislami.net

پڑھے ہوں اور بتائیں تو حیرت کا اظہار کرتے ہیں، ان کو ایسے سوالات نہیں کرنے چاہئیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ بتانا نہ چاہتا ہو یا اُس نے وہ عمل نہ کیا ہو تو شاید گھبرا کر جھوٹ بول دے یا شرمندہ ہو۔

☆......''میں راتوں رات امیر ہو جاؤں'' یہ خواہش اس لیے ہے کہ حج کو جاؤں، مدینہ شریف حاضری کا شرف پاؤں یا فلاں غریب کی مدد کروں وغیرہ تو یہ اچھی نیّت ہونے کی وجہ سے اچھی خواہش ہے اور نیّت بُری ہو تو یہ خواہش بھی بُری ہوگی۔ البتہ میرے نزدیک یہ تمنّا نہ کی جائے کیونکہ آخرت میں حلال پر حساب اور حرام پر عذاب ہے۔

☆......جو رمضان شریف سے جتنا زیادہ محبت کرے گا اس کے جدا ہونے پر اتنا زیادہ غم محسوس کرے گا کیونکہ رمضان کا ایک ایک لمحہ کیف وسُرُور والا ہے۔

☆......جس کو ماہِ رمضان کے جانے کا غم نہ ہو تو اسے اپنی اس سنگ دلی پر غم ہونا چاہئے۔

☆......ایک تحقیق کے مطابق 80٪ بیماریاں زیادہ کھانے سے ہوتی ہیں۔

☆......دل بڑا رکھنا چاہئے کسی کو راحت نہیں دے سکتے تو دکھ بھی نہ دیں۔

☆......ہر ایک کو گناہوں کے کیچڑ سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ رمضان ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 30 جون 2016ء |

☆......مسجد میں ایسے گملے نہیں رکھنے چاہئیں، جن میں گوبر والی کھاد ڈالی جاتی ہے۔ مسجد میں ناپاک بلکہ بدبودار چیز لانا بھی جائز نہیں۔

☆......گیارہویں شریف غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ایصالِ ثواب کرنے کو کہتے ہیں، اس کو منانے سے ایصالِ ثواب کے فضائل حاصل ہوں گے۔

☆......گیارہویں شریف کے کئی فضائل ہیں، جس سے ہو سکے وہ اس کا اہتمام ضرور کرے۔ جس گھر میں ہر ماہ گیارہویں شریف کی ترکیب ہوگی، وہ اس کی برکات اپنی آنکھوں سے دیکھ لے گا۔

☆......مسلمانوں پر بلاوجہ شک کرنا چھوڑ دیں اور حسنِ ظن رکھیں کہ مسلمانوں سے حسنِ ظن رکھنا کارِ ثواب ہے۔

☆......راستے کی کیچڑ کے ناپاک ہونے کی جب تک یقینی معلومات نہ ہو، وہ پاک ہے البتہ یہ کپڑوں کو لگ

www.dawateislami.net

جائے تو نظافت کے پیشِ نظر حتی الامکان اسے دھو لینا چاہیئے۔

☆...... یوں تو سارے مسلمان ہی دعوتِ اسلامی والے ہیں، مگر میرے نزدیک دعوتِ اسلامی والا وہ ہے، جو ہر ماہ 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کرتا، 72 مدنی انعامات میں سے 63 کا عامل، ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں میں حصہ لینے والا، حسنِ اخلاق کا پیکر اور مدنی حلیے میں رہتا ہو۔

☆...... کتابوں اور ماہناموں کے سرِ ورق (Title Page) پر آیاتِ قرآنی نہ لکھی جائیں، کیونکہ کسی بے وضو نے قصداً اسے ہاتھ لگایا تو وہ گنہگار ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 30 جون 2016ء |

☆...... جب مرغ اذان دے تو یہ پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ اور جب گدھا رینکے تو یہ پڑھیں: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ۔

☆...... حضرت شعیب علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام کی صرف شہزادیاں (بیٹیاں) ہی تھیں۔

☆...... پیارے آقا، میٹھے مصطفیٰ صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم نے تقریباً 500 جمعے ادا فرمائے۔

☆...... نماز میں قیام کے دوران تراوُح یعنی کبھی دائیں پاؤں پر اور کبھی بائیں پاؤں پر زور دینا یہ سنّت ہے۔ (نماز کے احکام ص ۲۶۱ بحوالہ بہارِ شریعت حصہ ۳ ص ۲۰۲)

☆...... ہجری سِن کے حِساب سے لڑکے میں 12 سے 15 سال اور لڑکی میں 9 سے 15 سال کی عُمر کے دَوران اگر کوئی علامتِ بُلوغ پائی گئی تو بالغ ہو گئے اور اگر کوئی علامتِ بُلوغ نہ پائی گئی تو جب دونوں ہجری سِن کے حِساب سے پورے 15 سال کی عمر کے ہوں گے تو بالغ مانے جائیں گے۔

☆...... میرے پیر و مرشد سیدی قطبِ مدینہ، شیخُ الفضیلت حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی قادری رحمۃ اللہ علیہ ولیِ کامل اور اعلیٰ حضرت کے خلیفہ تھے۔

☆...... سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ مضبوط قفلِ مدینہ لگاتے یعنی اکثر خاموش رہتے۔

☆...... میں پونے دو ماہ سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت میں رہا مگر کبھی آپ کو قہقہہ لگاتے نہیں دیکھا۔

☆...... 107 سال کی عمر ہونے کے باوجود سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کی داڑھی مبارک سفید مائل بہ کالی تھی۔

www.dawateislami.net

☆......عرب وعجم کے علماء ومشائخ سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کی قدم بوسی کرتے تھے۔

☆......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ نے سیدی قطبِ مدینہ رحمۃ اللہ علیہ کو خلافت دی تھی، یقیناً ان کے اندر پیر بننے کی شرائط موجود تھیں، اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے سر پر ہاتھ رکھا، اس لیے میں نے آنکھیں بند کر کے ان کے قدم پکڑ لیے۔

☆......سموسے پکوڑے کھانا جائز ہے، مگر ہمارے ہاں یہ بے تحاشا کھائے جاتے ہیں، اس لیے عموماً صحت کو زبردست نقصان پہنچاتے ہیں۔ کبھی کبھار ایک آدھ سموسہ کھانے میں حرج نہیں۔

☆......اگر تمام دعوتِ اسلامی سے محبت کرنے والے اپنا مکمل صدقۂ فطر دعوتِ اسلامی کو دے دیں تو شاید یہ مدنی عطیات اس کے ایک سال کے اخراجات کو کفایت کریں۔

☆......مجلس مدنی چینل نے ایک ایسی ڈِش (Dish) کی ترکیب بنائی ہے، جو صرف 2 فٹ کی ہے اور اس کی قیمت پاکستانی صرف بتیس سو (Rs:3200/-) روپے ہے اور اس سے صرف مدنی چینل ہی دیکھنے کی ترکیب ہوگی۔

☆......مدنی قافلے والے اپنے ساتھ ڈِش (Dish) لے کر جائیں اور ہوٹلوں میں لگوانے کی کوشش کریں۔

☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے! صرف مدنی چینل دِکھانے والی ڈِش (Dish) ہر گھر میں پہنچ جائے۔

☆......اسلام قربانیوں کا مجموعہ ہے، دینِ اسلام پر عمل کرنے اور اس کی اشاعت کے لیے قربانی دینا پڑتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 01 جولائی 2016ء |

(بعدِ عصر نگرانِ شوریٰ مدظلہ العالی نے سوالات کے جوابات دیئے)

☆......مصحف شریف (قرآنِ کریم) غلطی سے ہاتھ سے نیچے تشریف لے آئے، تو اس پر کوئی کفارہ نہیں۔

☆......کوئی مرید حرام کام کرے تو اس کی بیعت نہیں ٹوٹتی بلکہ جامعِ شرائط پیر اپنے نورِ فراست سے اُسے گناہ سے بچاتا ہے (البتہ گناہ کرنے کی اجازت کسی صورت نہیں ہے) اپنے پیر سے عقیدت مضبوط ہونی چاہیئے۔

☆......امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے استاذ حضرت امام اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرمانے پر بخاری شریف تالیف فرمائی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 01 جولائی 2016ء |

www.dawateislami.net

☆ ...... بچے کی سالگرہ (Birth Day) پر قرآن خوانی یا اجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب بنائی جائے۔ میوزک، مردوں عورتوں کے اختلاط (Mix) ہونے، تالیاں بجانے سے مکمل بچا جائے۔ صرف وہی کام کیا جائے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہو۔

☆ ...... غصّہ تو ہر انسان کو خلافِ طبیعت کام پر آتا ہے، جب غصہ آئے تو اُسے ضبط کرنے کی کوشش کرے اور اسے نافذ کر کے کسی کو تکلیف نہ دے۔

☆ ...... کسی کو زکوٰۃ دی، اگر تَحَرّی (یعنی سوچ و بچار) کی کہ یہ حقدار ہے یا نہیں؟ اور اس کے حقدار ہونے کا غالب گمان ہوا اور زکوٰۃ دے دی مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ حقدار نہیں تھا تو زکوۃ ادا ہوگئی اور اگر بغیر تَحَرّی کے زکوٰۃ دے اور بعد میں اس کا حقدار نہ ہونا معلوم ہوا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوئی۔ اب دوبارہ کسی حقدار کو زکوٰۃ دینا ہوگی۔

☆ ...... ناراض رشتہ دار حقدارِ زکوٰۃ کو زکوٰۃ دینا زیادہ افضل ہے۔

☆ ...... یہ کہنے میں حرج نہیں کہ آج کل آئی. ٹی (Information Technology) کا دور ہے۔

☆ ...... سرکار، مکے مدینے کے تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے ہر تکلیف پر خندہ پیشانی سے صبر کیجئے۔

☆ ...... چہرے کی خوبصورتی کے لیے لوشن (Face Lotion) استعمال کرنے کے طباً (Medically) نقصانات ہیں، اسے استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

☆ ...... باوضو رہنے سے چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں نیکیوں کا نور عطا کرے۔

☆ ...... میں نے کبھی اپنے ولادت کے دن کیک (Cake) نہیں کاٹا اور کیک کاٹنا پسند بھی نہیں کرتا، اگرچہ شرعاً جائز ہے۔ مجھ سے محبت کرنے والوں کو میری زندگی اور مرنے کے بعد بھی تاکید اور وصیت ہے کہ میری ولادت کے دن کیک نہ کاٹیں، بلکہ فیضانِ سنّت کے درسوں میں اضافہ کیجئے، مدنی قافلوں کو بڑھایئے، جامعۃ المدینہ یا مدرسۃ المدینہ میں اپنی اولاد میں سے کم از کم ایک کو داخل کروا کر اسے دین کے لیے وقف کر دیجئے۔ مدنی انعامات پر عمل کیجئے، 12 روزہ مدنی کورس کیجئے۔

☆ ...... آپ 26 رمضان کو میری ولادت کی خوشیاں منا رہے ہیں اور میرا دل غم میں ڈوبا جا رہا ہے۔

www.dawateislami.net

☆......آجکل لوگ جشنِ میلاد میں کیک کاٹتے ہیں، یہ ہرگز نہ کیا جائے، کیک کاٹنے کا موجودہ انداز تو غفلت بھرا بلکہ کئی مقامات پر تو گناہوں بھرا ہوتا ہے۔دوسروں کو بھی اس سے منع کیجئے۔

☆......آجکل کچھ لوگ کسی وفات کی یاد منانے کے لیے فاتحہ کے بجائے موم بتیاں جلاتے ہیں، ایسا ہرگز نہ کیا جائے، موم بتیاں جلانے کا وفات پانے والوں کو کوئی فائدہ نہیں بلکہ ایصالِ ثواب کیا جائے۔

☆......جو اخلاص کے ساتھ مدنی انعامات پر عمل کرے گا وہ باعمل بن جائے گا۔ان شاءاللہ عزوجل

☆......مدنی انعامات نیک بننے کا بہترین نسخہ ہے۔

☆......ہر اسلامی بھائی کو چاہیئے کہ وہ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں ہونے والے ایک ماہ کے نماز کورس میں داخلہ لے اور اپنی نماز کو درست کرے۔اگر کوئی پورا ایک ماہ نہ دے سکے تو کم از کم روزانہ 12 منٹ نماز درست کرنے کے لیے مدنی تربیت گاہ میں حاضری دیا کرے۔ان شاءاللہ عَزَّوَجَلَّ مدنی تربیت گاہ والے اس کو بھی نماز سکھا دیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 02 جولائی 2016ء |

☆......شوہر دوسری شادی کی طرف مائل نہ ہو، اس کے لیے بیوی شوہر کو خوش رکھنے کی کوشش کرے، کام کاج سے واپس آنے پر مسکرا کر بات کرے، بچوں یا کسی اور کی شکایت کرنے، جلی کٹی سنانے کے بجائے اس کی خدمت کرے، ہر اُس حکم میں اُس کی اِطاعت کرے، جس سے شریعت نے منع نہ کیا ہو۔

☆......اگر شوہر دوسری شادی کر ہی لے تو صبر کے بغیر چارہ نہیں، میٹھی میٹھی بن کر گھر کو بسائے، حکمتِ عملی سے شوہر کو راضی رکھنے کی کوشش کرے۔

☆...... پاک و ہند میں تو دوسری شادی کرنے سے خاندان میں جنگِ عظیم چھڑ جاتی ہے، خوب گناہوں کا بازار گرم ہوتا ہے۔اس لیے مشورہ ہے کہ دوسری شادی کرنے سے پہلے اپنی بیوی، ماں باپ اور سسرال والوں کو راضی کرے، یہ سب راضی ہوتے ہوں تو بھلے 4 شادیاں کرے ورنہ دوسری شادی کے بارے میں ہرگز نہ سوچے۔

☆......اَذان کہتے ہوئے کانوں کے سوراخوں میں اُنگلیاں ڈالے رہنا مستحب ہے، یہ عمل بلندیِ آواز میں مددگار رہتا ہے، کان جب بند ہوتے ہیں تو آدمی سمجھتا ہے کہ ابھی آواز پوری نہ ہوئی، زیادہ بلند کرتا ہے۔

www.dawateislami.net

☆......شبِ قدر کی دُعا: اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیۡمٌ تُحِبُّ الۡعَفۡوَ فَاعۡفُ عَنِّیۡ۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٧ رمضان ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 02 جولائی 2016ء |

☆...... بڑی راتوں مثلاً شب برأت وغیرہ میں عذاب الٰہی سے ڈرے بھی اور رحمت کی اُمید بھی رکھے۔ یہ کیفیّت صرف بڑی راتوں کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ساری زندگی ہونی چاہئے۔

☆......اللہ تعالیٰ دھوکے میں آنے سے پاک ہے، بے باک لوگ ایسی گفتگو کرتے ہیں کہ آپ لوگ بڑی راتوں میں روکر اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دیتے ہیں، اگر کوئی پورے سال میں ایک رات بھی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں روئے تو اس کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے۔ حدیثوں میں بھی مخصوص راتوں میں عبادت کی فضیلت آئی ہے۔

☆......اگر واقعی کوئی سچی توبہ کرتا ہے پھر نفس وشیطان کے بہکاوے میں آکر توڑ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت بے حساب ہے، البتہ دل میں ہو کہ دوبارہ موقع ملا تو کرلوں گا یا سرے سے اس گناہ کو چھوڑنے کا ارادہ ہی نہیں تو یہ رسمی توبہ ہے، حدیث میں ہے کہ گناہ پر قائم رہ کر توبہ کرنے والا، اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ کا سے مذاق کرنے والا ہے۔ (شعب الایمان رقم ٧١٧٨، ج٥، ص٤٣٦)

☆......عبادت کی قبولیت کے لیے رزقِ حلال بہت اہم ہے، اس کے لیے حلال وحرام کا فرض علم ہونا بھی ضروری ہے۔

☆...... جب بعض لوگوں کو سنّتوں پر عمل کی دعوت دیں تو وہ کہتے ہیں کہ حالات دُرست نہیں، معاشرہ رُکاوٹ ہے، ایسوں کا ذہن بنانے کے لیے عرض ہے کہ ہر فرد اپنی اصلاح کی کوشش کرے تو معاشرہ سدھر جائے، کیونکہ معاشرہ افراد سے بنتا ہے، ہر ایک نیکی کی دعوت دینا شروع کردے تو مدنی انقلاب آجائے۔

☆......معاشرے کی اصلاح کی کوشش جس طرح کرنی چاہئے، اگر اس طرح کی جائے تو معاشرہ ضرور سُدھرے گا۔

☆...... جب ہم نے دعوتِ اسلامی کا آغاز کیا تو ہمارے تصور میں بھی نہیں تھا کہ ہمیں اتنی کامیابی ہوگی، مدنی کام شروع کیا اور اللہ تعالیٰ کا کرم ہوگیا، الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ اس وقت دعوتِ اسلامی بہت ترقی کرچکی ہے۔

☆......میرا شروع سے ہی مذہبی ذہن تھا، داڑھی جیسے ہی آئی رکھ لی، اس وقت میری زلفیں بھی تھیں اور سُنّت کے مطابق ٹخنے ننگے رکھنے کا معمول بھی، کسی نے مجھے کہہ دیا بھائی! زمانے کے ساتھ چلنا پڑتا ہے، میں نے

www.dawateislami.net

اُسے اس طرح کا جواب دیا: وہ مرد نہیں جو زمانے کے ساتھ چلے بلکہ مرد وہ ہے جو زمانے کو بدل دے۔

☆......سب کو نماز کی دعوت دیا کریں، اپنے گھر کے ایک ایک فرد کو نماز کی دعوت دیں، والد صاحب نماز نہ پڑھیں تو ان کے قدم پکڑلیں اور رو رو کر انہیں نماز کی دعوت دیں۔نماز کی طرف لوگ جلد مائل ہو جاتے ہیں

☆......کسی کو فوراً داڑھی کی دعوت دینا حکمت کے خلاف ہے، اگرچہ ایک مٹھی داڑھی رکھنا واجب اور داڑھی منڈانا یا ایک مٹھی سے گھٹانا ناجائز و حرام ہے۔ پہلے نماز کی دعوت دیں، جب وہ نمازی بن گیا تو خود ہی داڑھی رکھ لے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 03 جولائی 2016ء |

☆......کسی کے پاس کوئی اچھی چیز دیکھ کر یہ تمنّا کرنا کہ یہ اس کے پاس نہ رہے اور مجھے مل جائے، یہ حسد ہے اور حسد باطنی یعنی دل کی بیماری ہے۔ہاں یہ تمنّا کرسکتا ہے اس کے پاس بھی رہے اور مجھے بھی مل جائے۔

☆......بعض اوقات ایک مالدار ہوتا ہے اور دوسرا غریب، اس غریب کو مالدار سے حسد ہو جاتا ہے۔یہ غریب کے لیے آزمائش اور امتحان ہے، اسے چاہیے کہ اس جذبے کو ختم کرے اور ذہن بنائے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی تقسیم ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کرتا ہے، درست کرتا ہے۔

☆......**سر سے جوئیں ختم کرنے کا علاج**: پنساری کی دکان سے ریٹھا (soappod) لے لیں، اسے گرم پانی میں ڈال کر جھاگ بنالیں، اس سے سر دھوئیں، ان شاءاللہ عَزَّوَجَلَّ جوئیں ختم ہو جائیں گی اور بال بھی مضبوط ہوں گے۔

☆......میں شیمپو (Shampo) استعمال نہیں کرتا، صابن پر گزارہ کرلیتا ہوں۔

☆......شاید شیمپو مائع (Liquid) صابن ہی ہوتا ہے۔

☆......گھر میں بہن بھائی آپس میں حسنِ سلوک کریں، ایسا ہرگز نہیں ہونا چاہیے کہ بھائی بہن کو مارے اور بہن زبان درازی کرے، کوئی مسئلہ ہو تو والدین سے حل کروالیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 03 جولائی 2016ء |

☆......اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے، چاہے تو چھوٹی سی نیکی پر مغفرت فرمادے اور چاہے تو چھوٹے سے گناہ پر

پکڑ فرمالے۔نیکیاں کرکے اللہ تعالیٰ کی رحمت پر نظر رکھئے اور گناہوں سے بچئے اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرتے رہیئے۔

☆......نیکیوں کا وزن زیادہ ہوتا ہے یا گناہوں کا؟ اس کے پھیر میں پڑنے کے بجائے نیکیاں کیجئے اور گناہوں سے بچیئے۔

☆......ہم نے نیکیاں کرکے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نظر اٹھانی نہیں اور اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرتے ہوئے گناہوں کا رُخ کرنا نہیں۔

☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں اعتکاف کرنے والے میں مدنی انقلاب برپا ہونا چاہئے ،اعتکاف کے بعد اپنے محلے کی مسجد کی صفِ اوّل کا نمازی بن جائے ،گھر اور باہر ہر جگہ حسنِ اخلاق کا پیکر ہو۔

☆......میرے لیے دعا کریں کہ آئندہ سال صحت وعافیت کے ساتھ ماہِ رمضان پانے میں کامیاب ہوجاؤں۔

☆......جو لطف اپنے وطن میں ہے، وہ بیرونِ ملک نہیں۔

☆......اے کاش! ہم اچھے مسلمان بن کر جئیں۔

☆......چاندرات دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں جو رِقّت بھرا مدنی ماحول ہوتا ہے شاید رُوئے زمین میں کہیں بھی ایسا نہ ہوتا ہو۔

☆......عید کے دن خوشی کا اظہار کرنا سنّت ہے، میں اسلامی بھائیوں کو عید مبارک ،عیدی دیتا، مسکراتا اور گلے ملتا ہوں، لیکن میرا دل ماہِ رمضان کے جدا ہونے کی وجہ سے بہت بہت بہت غمگین ہوتا ہے۔

☆......ہمیں عید کے دن خوشی کا اظہار سنّت سمجھ کر کرنا چاہئے تاکہ ثواب بھی ملے۔

☆......ماہِ رمضان کے جانے پر غم کرنا، یہ اسلاف یعنی بزرگوں کا طریقہ ہے۔

☆......غمِ رمضان منانے کے کئی فوائد بھی ہیں مثلاً ماہِ رمضان کی اہمیّت اُجاگر ہوتی ہے۔

☆......سب سے بڑی نعمت ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ ہے۔

☆......فطرہ، صدقے کی ایک قسم ہے، یاد رہے! صدقے کی کئی اقسام ہیں۔

☆......کہا جاتا ہے، جو عورت 2 من 30 کلو چوڑیاں نہ پہنے، اس کی بخشش نہیں ہوگی ، یہ من گڑھت بات ہے

www.dawateislami.net

ایسی غلط باتوں کو آگے بھی نہیں بڑھانا چاہئے۔

☆......مفتی اعظمِ پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد وقارالدین قادری رحمۃ اللہ علیہ سادہ ترین بزرگ تھے۔ ہمیشہ لوٹے کے ذریعے وضو فرمایا کرتے تھے، کیونکہ نل کے ذریعے پانی زیادہ خرچ ہوسکتا ہے۔

☆......مجھے مفتی محمد وقارالدین قادری رحمۃ اللہ علیہ کی کافی صحبت حاصل رہی ہے۔آپ بہت بڑے اور باعمل عالمِ دِین تھے۔سکتا

☆......تتلی (Butterfly) کو حشراتُ الارض کی رانی کہا جاتا ہے۔

☆......یہ ربّ عَزَّوَجَلَّ کا قانون ہے کہ کسی کافر کی بخشش نہیں ہوگی۔

☆......الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ میں عقیدے میں پکا ہوں، آپ بھی پکّے ہوجائیں۔

☆......آدمی جذبات کے وقت اندھا ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 04 جولائی 2016ء |

☆......لوگوں میں مشہور ہے کہ چھوٹے بچے قبرستان جائیں تو جنّ چمٹ جاتے ہیں، ایسا نہیں ہے البتہ رات میں اکیلے قبرستان نہیں جانا چاہئے۔

☆......ناپاک رہنے والوں اور دعائیں نہ پڑھنے والوں کو جنّات زیادہ نقصانات پہنچاتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے پاک وصاف رہا کریں اور دعائیں بھی پڑھا کریں۔الحمدللہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں دعائیں سیکھنے سکھانے کا مدنی ماحول ہے، اس سے وابستہ رہیں۔

☆......آج کل نوجوان ہاتھوں میں مختلف رنگوں کے دھاگے باندھ لیتے ، ہیں یہ درست نہیں، علما اور شرفاء اس طرح کے دھاگے نہیں باندھتے البتہ درد والی جگہ پر دم کیا ہوا دھاگا بطورِ علاج باندھنے میں حرج نہیں۔اس دم کا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ قریش ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص 3 مرتبہ اور اول وآخر درودِ غوثیہ 3 مرتبہ پڑھ کر دھاگے پر دم کر کے اسے درد والی جگہ باندھ دیجئے۔

☆......بعض نوجوان اپنے ہاتھوں میں پلاسٹک اور کچھ مختلف دھاتوں کے کڑے پہن لیتے ہیں، یہ بھی نہیں پہننے چاہئیں، دھات مثلاً لوہے کے کڑے پہننا تو گناہ ہے۔

☆ ......ہم عاشقِ رسول علماء سے محبت کرتے ہیں، ان شاءاللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارا حشر بھی ان کے ساتھ ہوگا۔

☆ ......مساجد نماز پڑھنے سے آباد ہوں گی، خود بھی باجماعت نماز کی پابندی کیجئے اور مسجد جاتے ہوئے کم از کم ایک پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے اپنے ساتھ لے جانے کی ترکیب بنایا کریں۔

☆ ......ہمارا کام نیکی کی دعوت دینا اور سمجھانا ہے، منوانا نہیں، ہدایت اللہ تعالیٰ کے دَستِ قدرت میں ہے۔

☆ ......سمجھانا بھی ایک فن ہے، ہر ایک کو اس کی نفسیات اور عقل کے مطابق سمجھانا چاہئے، سمجھانے میں نرمی بھی بہت ضروری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 04 جولائی 2016ء |

☆ ......اللہ تعالیٰ بہت ساری دولت دینے پر قادر ہے، اگر کوئی یہ دعا مانگے تو جائز ہے مگر یہ دعا مانگنا اچھا نہیں اس کے بجائے بہت ساری نیکیاں کرنے کی توفیق مانگنی چاہئے۔

☆ ......طلوعِ فجر تک ساری رات کسی وقت بھی نوافل پڑھے جاسکتے ہیں، بلکہ رات کے نوافل دن کے نوافل سے افضل ہیں۔

☆ ......بعد نمازِ عشا جو نوافل پڑھے جاتے ہیں انہیں صَلٰوۃُ الَّیل کہا جاتا ہے۔

☆ ......غم صدمے کو کہتے ہیں، محبت جب بڑھتی ہے تو غم بھی ساتھ مل جاتا ہے، محبت کے غلبے میں بھی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔

☆ ......محبت، لذّت کو غم میں بدل دیتی ہے۔

☆ ......جو غمِ رمضان کو تازہ رکھنا چاہتا ہے، وہ سنجیدہ رہے، زبان کا مضبوط قفلِ مدینہ لگائے یعنی جب تک ضروری نہ ہو گفتگو نہ کرے، غمِ رمضان سے متعلق کلام سنے۔

☆ ......پہلی، دوسری اور تیسری رات کے چاند کو ''ہلال'' کہا جاتا ہے۔

☆ ......اگر اپنی زبان کو کنٹرول کیا جائے اور جب تک ضروری نہ ہو، گفتگو نہ کی جائے تو ایک خاص قسم کی کیفیّت اور سُرور حاصل ہوتا ہے۔

☆ ......رمضان میں اس طرح دعا کی جاسکتی ہے: اَللّٰھُمَّ بَلِّغْنَا رَمَضَانَ السَّنَةَ الْقَادِمَة بِصِحَّةٍ وَّعَافِیَۃ ۔

www.dawateislami.net

اور بعدِ رمضان یہ دعا کی جاسکتی ہے:اَللّٰھُمَّ بَلِّغْنَا رَمَضَان بِصِحَّۃٍ وَّعَافِیَه۔

☆......پُل صراط سے گزرنے کے لیے اپنے ایمان کی حفاظت کیجئے،نیکیوں میں کثرت کیجئے اور لوگوں کی مشکلات کو حل کیجئے،دعا بھی کرتے رہیے،ان شاءاللہ عَزَّوَجَلَّ قیامت کے اس مرحلے میں بھی آسانی ہوگی۔

☆......پل صراط سے گزرنے کی فکر کرنا عمدہ سوچ ہے۔

☆......دُنیوی طور پر کوئی نقصان ہوجائے تو اس پر افسوس کرتے رہنا اچھی بات نہیں، بلکہ اللہ تعالٰی کی رِضا پر راضی رہنا چاہیے۔

☆......دنیوی مال و دولت کم ہونے پر افسوس کرنے کے بجائے نیکیاں کم ہونے پر افسوس کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ رمضان ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 05 جولائی 2016ء |

☆...... مالدار کی اس کی مالداری کی وجہ سے تعظیم کرنا جائز نہیں البتہ اور کسی وجہ سے ہو (مثلاً وہ اس کا باپ ہے یا تعظیم نہیں کرے گا تو فساد ہوگا وغیرہ) تو اجازت ہے۔

☆......نمازِ عید یا پنجگانہ نماز کا جو وقت مقرر کیا جائے،اس کی پابندی کرنی چاہیے۔عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں بھی میری طرف سے اس کی تاکید ہے۔

☆......اگر اسلامی بہن کے پاس دعوتِ اسلامی کی کوئی تنظیمی ذمہ داری ہو مگر شوہر کے پاس نہ ہو۔اسلامی بہن کی تنظیمی و مدنی کاموں کی مصروفیت پر شوہر راضی ہو تو ان شاء اللہ عزوجل شوہر کو بھی نیکی کے کام میں تعاون کا ثواب ملے گا۔

www.dawateislami.net